علم صرف طلباء کے لیے انتہائی مفید اور آسان کتاب

تعلیم الصّرف

حافظ محمد عبد الستار سعیدی
ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

ناشر
شعبہ نشر واشاعت
تنظیم المدارس (اہل سُنت) پاکستان
جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

Marfat.com

علم صرف کے طلباء کیلئے انتہائی مفید اور آسان کتاب

تعلیم الصرف

حافظ محمد عبدالستار سعیدی
ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

شائع کردہ
مرکزی دفتر تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان
جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری گیٹ لاہور

Marfat.com

کتاب ——— تعلیم القرآن

تصنیف ——— حافظ محمد عبدالستار سعیدی

تصحیح ——— مولانا فضل حنان سعیدی و مولانا محمد ظہیر بٹ

کتابت ——— محمد شریف گل، کرڈیال کلاں (گوجرانوالا)

ایک ہزار ——— ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲ء

بار دوم ایک ہزار ——— ۱۴۱۲ھ/۱۹۹۲ء

بار سوم ایک ہزار ——— ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء

صفحات ——— ۱۲۸

مطبع ——— اوریلیا پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور

قیمت ——— روپے

○

ملنے کا پتا

(۱) مکتبہ قادریہ، جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری دروازہ، لاہور ۸

(۲) مکتبہ شمسیہ شمس العلوم جامعہ رضویہ ایس ٹی ۴ - بلاک ایف نارتھ ناظم آباد کراچی

(۳) مکتبہ غوثیہ ہدایت القرآن ممتاز آباد ملتان

(۴) مکتبہ ضیائیہ محلہ تلواڑاں، سبزی منڈی، راولپنڈی۔

Marfat.com

مصنف تعلیم الصرف

مولانا الحاج حافظ محمد عبدالستار سعیدی ناظم تعلیمات و شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور، شیخوپورہ وخطیب جامع مسجد مسلم لاہور، ضلع راولپنڈی کے معروف گاؤں گنگانوالہ میں 11 اکتوبر 1949ء کو چوہدری شیر دل بن جعفر خان نمبردار کے گھر پیدا ہوئے۔ 1965ء میں حفظ قرآن، 1974ء میں میٹرک اور 1976ء میں درسِ نظامی کی تکمیل کی۔

اسی سال جامعہ نظامیہ رضویہ سے تدریس کا آغاز کیا۔ آپ ہر دلعزیز مدرس ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وانعام سے موصوف کو بڑی خوبیوں سے نوازا ہے۔ موصوف علم وبردباری، خلوص وللہیت اور ایثار وہمدردی کا پیکر، بہترین منتظم، انتہائی محنتی اور تجربہ کار استاذ ہیں۔ ان کی بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ طویل سے طویل بحث کو چند جملوں میں سمیٹ کر طلباء کے ذہن میں ڈال دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جامعہ نظامیہ رضویہ کی تمام چھوٹی بڑی کلاسوں کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ ہمارے اسباق حافظ صاحب کے پاس ہوں۔

آپ کو 1983ء اور 2006ء میں حج کی سعادت نصیب ہوئی اور حسن اتفاق کہ دونوں مرتبہ حج جمعۃ المبارک کو ہوا۔ علاوہ ازیں 1996ء، 2001ء، 2004ء، 2006ء او 2008ء میں بصورت عمرہ زیارت حرمین کی سعادت سے بہرہ ور ہوئے۔

آپ کی مطبوعہ تصانیف میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں:
مرآۃ التصانیف، تعلیم الحکمۃ، تعلیم المنطق، مفتاح الرقات، تلخیص المنطق، تعلیم الصرف، ترجمہ سنن نسائی، ہردوہابیت، امام احمد رضا جامع العلوم عبقری شخصیت، فوائد جلیلہ، مصنفین صحاح ستہ، فہارس فتاوی رضویہ فوائد تفسیریہ اور علوم قرآنیہ فتاوی رضویہ کی روشنی میں اور ترجمہ فتاوی رضویہ جلد ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۰۔

آپ کی علمی، تحقیقی اور تصنیفی خدمات خصوصاً فتاوی رضویہ جدید کی اشاعت میں آپ کے عظیم کردار پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مؤرخہ 20 اگست 2006ء کو برکاتی فاؤنڈیشن کراچی کی طرف سے آپ کو چاندی میں تولا گیا۔ آپ نے وہ تمام چاندی (۸۱ کلو) رضا فاؤنڈیشن کو عطا فرمادی۔

اللہ تعالیٰ موصوف کو دین متین کی خدمت کی مزید توفیق عنایت فرمائے اور اسے ان کی آخرت کا ذریعہ نجات بنائے۔ آمین ایارب العالمین بجاہ سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

حافظ خادم حسین رضوی
شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ
جون 2008ء

Marfat.com

عرضِ مؤلف

علم صرف کے مبتدی طلباء و طالبات کے لئے ایک ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی جس میں سلیس اردو زبان میں صرف کی بنیادی باتیں، معروف اصطلاحات، صیغوں کی ساخت، ابوابِ صرفیہ کی تفصیل اور ضروری فوائد اس طرح بیان کئے جائیں کہ اس کے بعد قوانین پر مشتمل کوئی کتاب علم الصیغہ، قانونچہ کھیوالی یا صرف بہترال وغیرہ پڑھنے میں دقت نہ رہے۔ راقم نے پیش نظر رسالہ میں انہی امور کو ملحوظ رکھا ہے۔ یہ رسالہ ایک مقدمہ، چار ابواب اور ایک تکملہ پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور دوازدہ اقسام وغیرہ صرفی اصطلاحات کو بیان کیا گیا ہے، جبکہ بابِ اول میں دوازدہ اقسام کی گردانیں، بابِ دوم میں دوازدہ اقسام کی بنائیں، بابِ سوم میں ابواب کی تفصیل، بابِ چہارم میں چند مشکل ابواب کی مکمل گردانیں مع تعلیلات اور تکملہ میں ماضی کی اقسامِ ستہ کی گردانیں ذکر کی گئی ہیں۔

استاذ العلماء حضرت مولانا غلام محمد سیالوی ناظمِ اعلیٰ شعبۂ امتحانات تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کا تہِ دل سے شکرگزار ہوں جنہوں نے مصروفیاتِ کثیرہ کے باوجود نظرِ ثانی فرمائی اور اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔

اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل اس کتاب کو طالبانِ علم کے لئے نافع اور راقم کے لئے ذریعۂ نجات بنائے، آمین بجاہ سید المرسلین!

حافظ عبدالستار سعیدی ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ
اندرون لوہاری دروازہ۔ لاہور

۲۳ ربیع الثانی ۱۴۱۲ھ / یکم دسمبر ۱۹۹۱ء

Marfat.com

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
مقدمہ ۔ فصلِ اول	۳
علمِ صرف کی تعریف	〃
علمِ صرف کا موضوع	〃
علمِ صرف کی غرض	〃
فصلِ دوم	〃
تعریفِ لفظ	〃
تقسیمِ لفظ	〃
فصلِ سوم	۴
سہ اقسام کا بیان	〃
فصلِ چہارم	۶
شش اقسام کا بیان	〃
فصلِ پنجم	۸
ہفت اقسام کا بیان	〃
فصلِ ششم	۱۰
دوازدہ اقسام کا بیان	〃
بابِ اول	۱۱
دوازدہ اقسام کی گردانیں	〃
فصلِ اول	〃
صرفِ صغیر	〃
فصلِ دوم	۱۲
صرفِ کبیر	〃
بابِ دوم	۳۴
دوازدہ اقسام کی بنائیں	〃
بابِ سوم	۵۶
ابواب کی تفصیل	〃
فصلِ اول	〃
ثلاثی مجرد کے ابواب	〃
فصلِ دوم	۵۹
ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی کے ابواب	〃

Marfat.com

فصلِ سوم	٦٣
رباعی کے ابواب	〃
فصلِ چہارم	٦٤
ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی کے ابواب	〃
نقشۂ ابواب	٦٩
بابِ چہارم	٧٠
چند مشکل ابواب کی مکمل گردانیں مع مختصر تعلیلات	〃

کَادَ یَکَادُ	٧٠
قَلْسٰی یُقَلْسِیْ	٧٩
دَعَا یَدْعُوْ	٨٩
وَقٰی یَقِیْ	١٠٠
رَاٰی یَرٰی	١٠٨
مَدَّ یَمُدُّ	١١٦
تکملہ ماضی کی اقسامِ ستہ کی گردانیں	١٢٦

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ :

○ فصلِ اوّل : علمِ صرف کی تعریف، غرض اور موضوع کے بیان میں۔

علمِ صرف کی تعریف : صرف اس علم کو کہتے ہیں جس سے ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے بنانے کا قاعدہ معلوم ہو، کلمہ کی گردان اور تبدیل و تعلیل معلوم ہو۔

علمِ صرف کا موضوع : کلمہ، گردان اور تبدیل و تعلیل کی حیثیت سے۔

علمِ صرف کی غرض : گردان اور تبدیل وغیرہ میں خطا سے بچنا۔

○ فصلِ دوم : لفظ کی تعریف و اقسام کے بیان میں۔

لفظ کی تعریف : مَایَتَلَفَّظُ بِهِ الْاِنْسَانُ (وہ شئے جس کے ساتھ انسان تلفظ کرے)

تقسیمِ لفظ : لفظ کی دو ۲ قسمیں ہیں :

(۱) لفظِ موضوع یعنی بامعنیٰ لفظ۔ جیسے زید۔

(۲) لفظِ مہمل یعنی بے معنیٰ لفظ۔ جیسے لفظ دیز

لفظِ موضوع کی پھر دو ۲ قسمیں ہیں :

(۱) مفرد۔ وہ اکیلا لفظ جو اکیلے معنیٰ پر دلالت کرے۔ جیسے کاتب۔

(۲) مرکّب۔ وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ مفردوں سے بنے۔ جیسے زَیْدٌ کَاتِبٌ۔

Marfat.com

○ فصلِ سوم : سہ اقسام کے بیان میں ۔

لفظِ مفرد یعنی کلمہ کی تین قسمیں ہیں :

اسم ، فعل ، حرف ۔ ان تین اقسام کو صَرفی سہ اقسام کہتے ہیں ۔

اسم : وہ کلمہ جو اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے میں مستقل ہو یعنی کسی دوسرے کلمہ سے ملائے بغیر اپنے معنیٰ کو واضح کرتا ہو اور تین زمانوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو ۔ جیسے رَجُلٌ (مرد) کَاتِبٌ (لکھنے والا) ۔

فعل : وہ کلمہ جو اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے میں مستقل ہو اور تین زمانوں میں سے کسی کے ساتھ ملا ہوا ہو ۔ جیسے ضَرَبَ (اُس ایک مرد نے مارا ۔۔۔ گزرے ہوئے زمانہ میں) اور یَضْرِبُ (وہ ایک مرد مارتا ہے یا مارے گا ۔ زمانہ حال یا استقبال میں) ۔

حرف : وہ کلمہ جو اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے میں مستقل نہ ہو یعنی کسی دوسرے کلمہ سے ملائے بغیر اپنا معنیٰ واضح نہ کر سکے ۔ جیسے ذَهَبْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ میں مِنْ اور اِلٰی ۔

فائدہ : زمانے تین ہیں :

(۱) ماضی یعنی گزرا ہوا زمانہ ۔

(۲) حال یعنی موجودہ زمانہ ۔

(۳) مستقبل یعنی آنے والا زمانہ ۔

تو جو فعل گزرے ہوئے زمانے پر دلالت کرے اُسے فعلِ ماضی کہا جاتا ہے ، جیسے ضَرَبَ (اُس نے مارا) ۔ اور جو فعل موجودہ یا آنے والے زمانے پر دلالت کرے اُسے فعلِ مضارع کہا جاتا ہے ۔۔۔ جیسے یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے یا مارے گا) ۔

Marfat.com

فعلِ ماضی یا مضارع کے شروع میں اگر حرفِ نفی یعنی ما یا لا لگا دیا جائے تو انھیں ماضی منفی اور مضارع منفی کہا جاتا ہے جیسے مَاضَرَبَ (اُس نے نہیں مارا) اور لَایَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا) اور حرفِ نفی نہ لگایا جائے تو ان کو ماضی مثبت اور مضارع مثبت کہا جاتا ہے ۔ جیسے ضَرَبَ اور یَضْرِبُ ۔ نیز جب ان کی نسبت فاعل کی طرف ہو تو ان کو معروف کہا جاتا ہے جیسے کَتَبَ (اُس نے لکھا) یَکْتُبُ (وہ لکھتا ہے یا لکھے گا) اور اگر ان کی نسبت مفعول کی طرف ہو تو انہیں مجہول کہا جاتا ہے جیسے کُتِبَ (وہ لکھا گیا) یُکْتَبُ (وہ لکھا جاتا ہے یا لکھا جائیگا)

خلاصہ یہ ہُوا کہ فعل ماضی ہو یا مضارع کبھی وُہ مثبت ہوتا ہے کبھی منفی، اسی طرح کبھی معروف ہوتا ہے کبھی مجہول ۔ تو اس طرح فعل ماضی اور مضارع کی چار چار قسمیں ہوگئیں :

(۱) مثبت معروف

(۲) مثبت مجہول

(۳) منفی معروف

(۴) منفی مجہول

فائدہ : حروفِ اصلی اور زائد میں فرق کرنے اور کلمات کا وزن معلوم کرنے کے لیے صرفیوں نے فا ، عین اور لام کو معیار قرار دیا ہے یعنی وزن کرتے ہوئے جو حروف فا ، عین اور لام کے مقابلے میں آئیں وہ اصلی ، اور جو ان کے مقابلے میں نہ آئیں وہ زائد ہیں ۔ مثلاً ضَرَبَ بروزنِ فَعَلَ ہے اور اَضْرَبَ بر وزنِ اَفْعَلَ ہے ۔ چونکہ ضَرَبَ کے تمام حروف فا ، عین اور لام کے مقابلے میں ہیں

Marfat.com

لہذا یہ اصلی ہوئے، اور اَضْرَبَ میں ہمزہ فا، عین اور لام کے مقابلے میں نہیں لہذا وہ زائد ہے۔

فصلِ چہارم: شش اقسام کے بیان میں۔

حروفِ اصلیہ کی تعداد کے اعتبار سے کلمہ کی تین قسمیں ہیں:

(۱) ثُلاثی۔ جس میں تین حروف اصلی ہوں۔

(۲) رُباعی۔ جس میں چار حروف اصلی ہوں۔

(۳) خُماسی۔ جس میں پانچ حروف اصلی ہوں۔

پھر ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں:

(۱) مجرد۔ یعنی جس میں حروفِ اصلیہ کے ساتھ کوئی حرف زائد نہ ہو۔

(۲) مزید فیہ۔ یعنی جس میں حروفِ اصلیہ کے ساتھ کوئی حرف زائد بھی ہو۔

تو اس طرح تعدادِ حروف کے اعتبار سے کلمہ کی کُل چھ قسمیں ہو گئیں:

(۱) ثلاثی مجرد (۲) ثلاثی مزید فیہ

(۳) رباعی مجرد (۴) رباعی مزید فیہ

(۵) خماسی مجرد (۶) خماسی مزید فیہ

ان ہی چھ اقسام کو صَرفی شش اقسام کہتے ہیں، ان تمام قسموں کی تعریفیں اور مثالیں یہ ہیں:

ثلاثی مجرد: وہ اسم یا فعل جس میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زیادہ نہ ہو۔ جیسے رَجُلٌ، نَصَرَ۔

ثلاثی مزید فیہ: وہ اسم یا فعل جس میں تین حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زیادہ ہو۔ جیسے حِمَارٌ، اِجْتَنَبَ۔

رُباعی مجرد: وہ اسم یا فعل جس میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف

Marfat.com

زیادہ نہ ہو۔ جیسے جَعْفَرٌ، بَعْثَرَ۔

رباعی مزید فیہ : وہ اسم یا فعل جس میں چار حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زیادہ ہو۔ جیسے قِرْطَاسٌ، تَدَحْرَجَ۔

خماسی مجرد : وہ اسم (جامد) جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زیادہ نہ ہو۔ جیسے سَفَرْجَلٌ۔

خماسی مزید فیہ : وہ اسم (جامد) جس میں پانچ حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زیادہ ہو۔ جیسے خَنْدَرِیْسٌ۔

فائدہ ۱ : فعل کے ثلاثی و رباعی اور مجرد و مزید فیہ ہونے میں فعل ماضی کے پہلے صیغہ کا اعتبار ہوتا ہے یعنی اگر ماضی کے پہلے صیغے میں تین حروف اصلی ہوں اور زائد کوئی نہ ہو تو اس ماضی اور اس کے مضارع کے تمام صیغوں کو ثلاثی مجرد ہی کہا جائے گا اگرچہ ماضی کے باقی صیغوں اور مضارع کے تمام صیغوں میں حرفوں کی زیادتی بھی ہوتی ہے۔ اسی طرح مصدر اور اسمائے مشتقہ ثلاثی و رباعی اور مجرد و مزید فیہ ہونے میں اپنے فعل کے تابع ہوتے ہیں۔

فائدہ ۲ : اسم کی تین قسمیں ہیں :

(۱) مصدر ۔ وہ اسم جس سے دوسرے کلمے بنتے ہیں ۔ جیسے ضَرْبٌ۔

(۲) مشتق ۔ وہ اسم جو کسی دوسرے کلمے سے بنایا جائے ۔ جیسے ضَارِبٌ۔

اسم مشتق کی چھ قسمیں ہیں :

(i) اسم فاعل	(ii) اسم مفعول
(iii) صفت مشبہ	(iv) اسم ظرف
(v) اسم آلہ	(vi) اسم تفضیل

(۳) جامد ۔ وہ اسم جو کسی سے نہ بنایا گیا ہو اور نہ اس سے کوئی اور کلمہ

Marfat.com

بن سکے۔ جیسے تَرَنْجُلٌ۔

فائدہ ۳: خماسی صرف اسمِ جامد ہی ہوسکتا ہے کوئی اور اسم یا کوئی فعل خماسی نہیں ہوتا۔ اسی لیے خماسی مجرد اور خماسی مزید فیہ کی تعریف و مثال اسمِ جامد کے ساتھ خاص کر دی گئی ہے۔

○ فصلِ پنجم: ہفت اقسام کے بیان میں۔

اقسامِ حروفِ اصلیہ کے اعتبار سے اسم اور فعل کی سات قسمیں ہیں، جو اس شعر میں مذکور ہیں: ؎

صحیح است و مثال است و مضاعف
لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

انہی سات قسموں کو صرفی ہفت اقسام کہتے ہیں۔ ان تمام قسموں کی تعریفیں اور مثالیں نیچے دی جارہی ہیں:

صحیح: وہ اسم یا فعل جس کے فا، عین یا لام کے مقابلے میں نہ حرفِ علّت ہو نہ ہمزہ ہو اور نہ دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ جیسے ضَرْبٌ، ضَرَبَ۔

مثال: وہ اسم یا فعل جس کے فا کلمہ کے مقابلے میں حرفِ علّت ہو۔ اس کی ۲ قسمیں ہیں۔ ۱ اگر حرفِ علّت واؤ ہو تو مثال واوی، جیسے وَعْدٌ، وَعَدَ۔ ۲ اور اگر یاء ہو تو مثال یائی، جیسے یُسْرٌ، یَسَرَ۔

فائدہ: حروفِ علّت تین ہیں:

(i) واؤ (ii) الف (iii) یاء

اجوف: وہ اسم یا فعل جس کے عین کلمہ کے مقابلے میں حرفِ علّت ہو۔ اس کی ۲ قسمیں ہیں:

۱ اگر حرفِ علّت واؤ ہو تو اجوف واوی، جیسے قَوْلٌ، قَالَ۔

Marfat.com

اور اگر یاء ہو تو اجوف یائی، جیسے بَیْعٌ، بَاعَ۔

ناقص: وہ اسم یا فعل جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرفِ علت ہو۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) اگر حرفِ علت واؤ ہو تو ناقص واوی، جیسے مَحْوٌ، مَحَا۔

(۲) اگر حرفِ علت یاء ہو تو ناقص یائی، جیسے رَمْیٌ، رَمٰی۔

مہموز: وہ اسم یا فعل جس کے حروفِ اصلیہ میں سے کسی ایک کے مقابلے میں ہمزہ ہو۔ اس کی تین قسمیں ہیں:

(۱) مہموز الفاء۔ جس کے فاء کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے اَمْرٌ، اَمَرَ۔

(۲) مہموز العین۔ جس کے عین کلمہ کے مقابلے میں ہمزہ ہو، جیسے سُؤَالٌ، سَأَلَ۔

(۳) مہموز اللام۔ جس کے لام کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے قَرْءٌ، قَرَءَ۔

لفیف: وہ اسم یا فعل جس کے حروفِ اصلیہ میں سے کسی دو کے مقابلے میں حرفِ علت ہوں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) لفیف مفروق۔ جس میں دونوں حرفِ علت اکٹھے نہ ہوں، جیسے وَقْیٌ، وَقٰی۔

(۲) لفیف مقرون۔ جس میں دونوں حرفِ علت اکٹھے ہوں، جیسے طَیٌّ، طَوٰی۔

مضاعف: وہ اسم یا فعل جس کے حروفِ اصلیہ کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) مضاعف ثلاثی۔ جس کا عین و لام کلمہ ایک جنس کے ہوں۔ جیسے مَدٌّ، مَدَّ۔

Marfat.com

(۲) مضاعف رباعی جس کا فاء و لامِ اوّل اور عین و لامِ ثانی ایک جنس کے ہوں۔ جیسے صَرْصَرٌ ، صَرْصَرَ۔

○ فصلِ ششم : دوازدہ اقسام کے بیان میں۔

ایک مصدر سے نکلنے والی بارہ چیزوں کو صرفیوں کی اصطلاح میں "دوازدہ اقسام" کہا جاتا ہے جو درج ذیل ہیں :

(۱) **فعلِ ماضی** : وہ فعل جو گزشتہ زمانے پر دلالت کرے۔

(۲) **فعلِ مضارع** : وہ فعل جو موجودہ اور آئندہ زمانے پر دلالت کرے۔

(۳) **اسمِ فاعل** : وہ اسم جو کام کرنے والے کی ذات پر دلالت کرے۔

(۴) **اسمِ مفعول** : وہ اسم جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہوا ہو۔

(۵) **فعلِ جحد** : وہ فعل جو انکارِ ماضی پر دلالت کرے۔

(۶) **فعلِ نفی** : وہ فعل جو انکارِ مستقبل پر دلالت کرے۔

(۷) **فعلِ امر** : وہ فعل جس میں کام کرنے کا حکم دیا جائے۔

(۸) **فعلِ نہی** : وہ فعل جس میں کسی کام سے روکا جائے۔

(۹) **اسمِ زماں** : وہ اسم جو وقوعِ فعل کے وقت پر دلالت کرے۔

(۱۰) **اسمِ مکاں** : وہ اسم جو وقوعِ فعل کی جگہ پر دلالت کرے۔

فائدہ : اسمِ زماں کو ظرفِ زماں اور اسمِ مکاں کو ظرفِ مکاں بھی کہا جاتا ہے

(۱۱) **اسمِ آلہ** : وہ اسم جو اس شے پر دلالت کرے جس کے ذریعے کام کیا جاتا ہے۔

(۱۲) **اسمِ تفضیل** : وہ اسم جو ایک شے سے دوسری کے بہتر ہونے پر دلالت کرے۔

Marfat.com

فائدہ: مذکورہ بالا تمام اقسام کی مکمل گردانیں بابِ اوّل میں اور ان کے تمام صیغوں کی مفصل بنائیں بابِ دوم میں آرہی ہیں اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

بابِ اوّل

گردانوں کے بیان میں

اس باب میں صرف ایک باب یعنی ضرب یضرب کی مکمل گردانیں ذکر کی جائیں گی، پہلے صرفِ صغیر پھر صرفِ کبیر مع معنیٰ وصیغہ کے مذکور ہوں گی باقی ابواب کی گردانیں اور معانی اس پر قیاس کئے جائیں۔

فصلِ اوّل: صرفِ صغیر، ثلاثی مجرد صحیح از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا فَهُوَ ضَارِبٌ وَضُرِبَ یُضْرَبُ ضَرْبًا فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ لَمْ یَضْرِبْ لَمْ یُضْرَبْ لَا یَضْرِبُ لَا یُضْرَبُ لَنْ یَضْرِبَ لَنْ یُضْرَبَ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اِضْرِبْ لِتُضْرَبْ لِیَضْرِبْ لِیُضْرَبْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَا تَضْرِبْ لَا تُضْرَبْ لَا یَضْرِبْ لَا یُضْرَبْ وَالظَّرْفُ مِنْهُ مَضْرِبٌ مَضْرِبَانِ مَضَارِبُ مُضَیْرِبٌ وَالْاٰلَةُ الصُّغْرٰی مِنْهُ مِضْرَبٌ مِضْرَبَانِ مَضَارِبُ مُضَیْرِبٌ وَالْاٰلَةُ الْوُسْطٰی مِنْهُ مِضْرَبَةٌ مِضْرَبَتَانِ مَضَارِبُ مُضَیْرِبَةٌ وَالْاٰلَةُ الْكُبْرٰی مِنْهُ مِضْرَابٌ مِضْرَابَانِ مَضَارِیْبُ مُضَیْرِیْبٌ وَمُضَیْرِیْبَةٌ وَاَفْعَلُ التَّفْضِیْلِ الْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَضْرَبُ اَضْرَبَانِ اَضْرَبُوْنَ اَضَارِبُ اُضَیْرِبٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ ضُرْبٰی ضُرْبَیَانِ ضُرْبَیَاتٌ ضُرَبٌ ضُرَیْبٰی وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَضْرَبَهٗ وَاَضْرِبْ بِهٖ وَضَرُبَ یَاضَرُبَتْ

Marfat.com

فصلِ دوم : صَرفِ کبیر ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب یضرب

فعل ماضی مطلق مثبت معلوم مع معنیٰ وصیغہ

ضَرَبَ	مارا اس ایک مرد نے گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعِلُ
ضَرَبَا	مارا ان دو مردوں نے " "	" تثنیہ مذکر غائب "
ضَرَبُوْا	مارا ان سب مردوں نے "	" جمع مذکر غائب "
ضَرَبَتْ	مارا اس ایک عورت نے "	" واحد مؤنث غائب "
ضَرَبَتَا	مارا ان دو عورتوں نے "	" تثنیہ مؤنث غائب "
ضَرَبْنَ	مارا ان سب عورتوں نے "	" جمع مؤنث غائب "
ضَرَبْتَ	مارا تو ایک مرد نے "	" واحد مذکر حاضر "
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو مردوں نے "	" تثنیہ مذکر حاضر "
ضَرَبْتُمْ	مارا تم سب مردوں نے "	" جمع مذکر حاضر "
ضَرَبْتِ	مارا تو ایک عورت نے "	" واحد مؤنث حاضر "
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو عورتوں نے "	" تثنیہ مؤنث حاضر "
ضَرَبْتُنَّ	مارا تم سب عورتوں نے "	" جمع مؤنث حاضر "
ضَرَبْتُ	مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے "	" واحد متکلم "
ضَرَبْنَا	مارا ہم (مردوں یا عورتوں) نے	" متکلم مع الغیر "

فائدہ: آخری صیغہ چار صیغوں کے قائم مقام ہے یعنی تثنیہ مذکر، تثنیہ مؤنث جمع مذکر اور جمع مؤنث۔ لہٰذا اس کا مکمل ترجمہ یوں ہوگا۔ مارا ہم دو مردوں یا دو عورتوں یا سب مردوں یا سب عورتوں نے۔
ہر گردان میں اس صیغہ کا ترجمہ کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے۔

Marfat.com

فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

ضُرِبَ	مارا گیا وہ ایک مرد گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول
ضُرِبَا	مارے گئے وہ دو مرد "	" تثنیہ مذکر غائب "
ضُرِبُوْا	مارے گئے وہ سب مرد گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول
ضُرِبَتْ	ماری گئی وہ ایک عورت "	" واحد مؤنث غائب "
ضُرِبَتَا	ماری گئیں وہ دو عورتیں "	" تثنیہ مؤنث غائب "
ضُرِبْنَ	ماری گئیں وہ سب عورتیں "	" جمع مؤنث غائب "
ضُرِبْتَ	مارا گیا تو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر "
ضُرِبْتُمَا	مارے گئے تم دو مرد "	" تثنیہ مذکر حاضر "
ضُرِبْتُمْ	مارے گئے تم سب مرد "	" جمع مذکر حاضر "
ضُرِبْتِ	ماری گئی تو ایک عورت "	" واحد مؤنث حاضر "
ضُرِبْتُمَا	ماری گئیں تم دو عورتیں "	" تثنیہ مؤنث حاضر "
ضُرِبْتُنَّ	ماری گئیں تم سب عورتیں "	" جمع مؤنث حاضر "
ضُرِبْتُ	مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت "	" واحد متکلم "
ضُرِبْنَا	مارے گئے ہم (مرد یا عورتیں) "	" متکلم مع الغیر "

فعل مضارع مثبت معلوم

يَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم
يَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد "	" تثنیہ مذکر غائب "
يَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد "	" جمع مذکر غائب "
تَضْرِبُ	مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت	واحد مؤنث غائب

Marfat.com

تَضْرِبَانِ	مارتی ہیں یا مارینگی وہ دو عورتیں زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل مضارع معلوم
یَضْرِبْنَ	" " " وہ سب عورتیں "	" جمع مؤنث غائب "
تَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر "
تَضْرِبَانِ	مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد "	" تثنیہ مذکر حاضر "
تَضْرِبُوْنَ	" " " تم سب مرد "	" جمع مذکر حاضر "
تَضْرِبِیْنَ	مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت "	" واحد مؤنث حاضر "
تَضْرِبَانِ	مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں "	" تثنیہ مؤنث حاضر "
تَضْرِبْنَ	" " " تم سب عورتیں "	" جمع مؤنث حاضر "
اَضْرِبُ	مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد یا عورت	" واحد متکلم "
نَضْرِبُ	مارتے ہیں یا ماریں گے ہم (مرد یا عورتیں)	" متکلم مع الغیر "

فعل مضارع مثبت مجہول

یُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب مضارع مجہول
یُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائینگے وہ دو مرد "	" تثنیہ مذکر غائب "
یُضْرَبُوْنَ	" " " " وہ سب مرد "	" جمع مذکر غائب "
تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی وہ ایک عورت "	واحد مؤنث غائب "
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ دو عورتیں	" تثنیہ مؤنث غائب "
یُضْرَبْنَ	" " " " وہ سب عورتیں "	" جمع مؤنث غائب "
تُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا تو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر "
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد "	" تثنیہ مذکر حاضر "

Marfat.com

تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب یا سب مرد (زمانہ حال)	صیغہ جمع مذکر حاضر فعل مستقبل مجہول
تُضْرَبِیْنَ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی تو ایک عورت	" واحد مؤنث حاضر
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	" تثنیہ مؤنث حاضر
تُضْرَبْنَ	" " " تم سب عورتیں "	" جمع مؤنث حاضر
اُضْرَبُ	مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت	" واحد متکلم
نُضْرَبُ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائینگے ہم "	" متکلم مع الغیر "

اسم فاعل

ضَارِبٌ	مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر اسم فاعل
ضَارِبَانِ	مارنے والے دو مرد	" تثنیہ مذکر "
ضَارِبُوْنَ	مارنے والے سب مرد	" جمع مذکر سالم "
ضَرَبَةٌ	"	" مکسر "
ضُرَّابٌ	"	" " "
ضُرَّبٌ	"	" " "
ضُرُبٌ	"	" " "
ضُرَبَاءُ	"	" " "
ضُرُبَاتٌ	"	" " "
ضِرَابٌ	"	" " "
ضُرُوْبٌ	"	" " "
ضَارِبَةٌ	مارنے والی ایک عورت	" واحد مؤنث "

Marfat.com

ضَارِبَتَانِ	مارنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث	اسمِ فاعل
ضَارِبَاتٌ	مارنے والی سب عورتیں	〃 جمع مؤنث سالم	〃
ضَوَارِبُ	〃	〃 مکسّر	〃
ضُرَّبٌ	〃	〃 〃	〃
ضُوَيْرِبٌ	کم مارنے والا ایک مرد	واحد مذکر مصغّر	〃
ضُوَيْرِبَةٌ	کم مارنے والی ایک عورت	〃 مؤنث 〃	〃

اسمِ مفعول

مَضْرُوْبٌ	مارا ہوا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر	اسمِ مفعول
مَضْرُوْبَانِ	مارے ہوئے دو مرد	〃 تثنیہ مذکر	〃
مَضْرُوْبُوْنَ	〃 〃 سب مرد	〃 جمع مذکر	〃
مَضْرُوْبَةٌ	ماری ہوئی ایک عورت	〃 واحد مؤنث	〃
مَضْرُوْبَتَانِ	ماری ہوئی دو عورتیں	〃 تثنیہ مؤنث	〃
مَضْرُوْبَاتٌ	〃 〃 سب عورتیں	〃 جمع مؤنث	〃
مَضَارِيْبُ	مارے ہوئے سب مرد اور سب عورتیں	〃 جمع مذکر و جمع مؤنث مکسّر	〃
مُضَيْرِيْبٌ	کم مارا ہوا ایک مرد	〃 واحد مذکر مصغّر	〃
مُضَيْرِيْبَةٌ	کم ماری ہوئی ایک عورت	〃 〃 مؤنث 〃	〃

فعل جحد معلوم

لَمْ يَضْرِبْ	نہیں مارا اُس ایک مرد نے گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب

Marfat.com

يَضْرِبَا	نہیں مارا ان دو مردوں نے گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
يَضْرِبُوْا	نہیں مارا ان سب مردوں نے 〃	〃 جمع مذکر 〃
تَضْرِبْ	نہیں مارا اس ایک عورت نے 〃	〃 واحد مؤنث 〃
تَضْرِبَا	نہیں مارا ان دو عورتوں نے 〃	〃 تثنیہ 〃 〃
يَضْرِبْنَ	〃 〃 ان سب عورتوں نے 〃	〃 جمع 〃 〃
لَمْ تَضْرِبْ	نہیں مارا تُو ایک مرد نے 〃	〃 واحد مذکر حاضر
لَمْ تَضْرِبَا	〃 〃 تم دو مردوں نے 〃	〃 تثنیہ مذکر حاضر
لَمْ تَضْرِبُوْا	〃 〃 تم سب مردوں نے 〃	〃 جمع 〃 〃
لَمْ تَضْرِبِىْ	〃 〃 تو ایک عورت نے 〃	〃 واحد مؤنث 〃
لَمْ تَضْرِبَا	〃 〃 تم دو عورتوں نے 〃	〃 تثنیہ 〃 〃
لَمْ تَضْرِبْنَ	〃 〃 تم سب عورتوں نے 〃	〃 جمع 〃 〃
لَمْ اَضْرِبْ	〃 〃 میں ایک مرد یا ایک عورت نے 〃	〃 واحد متکلم
لَمْ نَضْرِبْ	〃 〃 ہم (مردوں یا عورتوں) نے 〃	〃 متکلم مع الغیر

فعل جحد مجہول

لَمْ يُضْرَبْ	نہیں مارا گیا وہ ایک مرد گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب
لَمْ يُضْرَبَا	نہیں مارے گئے وہ دو مرد 〃	〃 تثنیہ 〃 〃
لَمْ يُضْرَبُوْا	نہیں مارے گئے وہ سب مرد 〃	〃 جمع 〃 〃
لَمْ تُضْرَبْ	نہیں ماری گئی وہ ایک عورت 〃	〃 واحد مؤنث 〃
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں ماری گئیں وہ دو عورتیں 〃	〃 تثنیہ مؤنث 〃

Marfat.com

لَمْ يُضْرَبْنَ	نہیں ماری گئیں وہ سب عورتیں گزرے ہوئے زمانہ میں	صیغہ جمع مؤنث غا[ئب]
لَمْ تُضْرَبْ	نہیں مارا گیا تو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں مارے گئے تم دو مرد "	" تثنیہ " "
لَمْ تُضْرَبُوْا	نہیں مارے گئے تم سب مرد "	" جمع " "
لَمْ تُضْرَبِيْ	نہیں ماری گئی تو ایک عورت "	" واحد مؤنث حاضر
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں ماری گئیں تم دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لَمْ تُضْرَبْنَ	نہیں ماری گئیں تم سب عورتیں "	" جمع " "
لَمْ أُضْرَبْ	نہیں مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت "	" واحد متکلم
لَمْ نُضْرَبْ	نہیں مارے گئے ہم " مرد یا عورتیں "	" متکلم مع الغیر

مضارع منفی معلوم

لَا يَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں ماریگا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب
لَا يَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں مارینگے وہ دو مرد "	" تثنیہ " "
لَا يَضْرِبُوْنَ	" " " " وہ سب مرد "	" جمع " "
لَا تَضْرِبُ	نہیں مارتی ہے یا نہیں ماریگی وہ ایک عورت "	" واحد مؤنث "
لَا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں مارینگی وہ دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لَا يَضْرِبْنَ	" " " " وہ سب عورتیں "	" جمع " "
لَا تَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا تو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر
لَا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم دو مرد "	" تثنیہ " "
لَا تَضْرِبُوْنَ	" " " تم سب مرد "	" جمع " "

Marfat.com

لا تَضْرِبِيْنَ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی تو ایک عورت زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مونث حاضر
لا تَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لا تَضْرِبْنَ	" " " " تم سب عورتیں "	" جمع " "
لا اَضْرِبُ	نہیں مارتا ہوں یا نہیں ماروں گا میں ایک مرد یا عورت "	" واحد متکلم
لا نَضْرِبُ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے ہم مرد یا عورتیں "	" متکلم مع الغیر

مضارع منفی مجہول

لَا يُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا وہ ایک مرد زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب
لَا يُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد "	" تثنیہ " "
لَا يُضْرَبُوْنَ	" " " " " " وہ سب مرد "	" جمع " "
لَا تُضْرَبُ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی وہ ایک عورت "	" واحد مونث غائب
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	" تثنیہ " "
لَا يُضْرَبْنَ	" " " " " " وہ سب عورتیں	" جمع " "
لَا تُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد	" تثنیہ " "
لَا تُضْرَبُوْنَ	" " " " " " تم سب مرد	" جمع " "
لَا تُضْرَبِيْنَ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی تو ایک عورت "	" واحد مونث "
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لَا تُضْرَبْنَ	" " " تم سب عورتیں	" جمع " "
لَا اُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہوں یا نہیں مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا عورت "	" واحد متکلم
لَا نُضْرَبُ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے ہم مرد یا عورتیں	" متکلم مع الغیر

Marfat.com

مضارع منفی معلوم مؤکد بلَنْ ناصبہ

لَنْ یَّضْرِبَ	ہرگز نہیں مارے گا وہ ایک مرد زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب
لَنْ یَّضْرِبَا	ہرگز نہیں مارینگے وہ دو مرد "	" تثنیہ " "
لَنْ یَّضْرِبُوْا	" " " وہ سب مرد "	" جمع " "
لَنْ تَضْرِبَ	ہرگز نہیں مارے گی وہ ایک عورت "	" واحد مؤنث "
لَنْ تَضْرِبَا	ہرگز نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لَنْ یَّضْرِبْنَ	" " " وہ سب عورتیں "	" جمع " "
لَنْ تَضْرِبَ	ہرگز نہیں مارے گا تُو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر
لَنْ تَضْرِبَا	ہرگز نہیں مارو گے تم دو مرد "	" تثنیہ " "
لَنْ تَضْرِبُوْا	" " " تم سب مرد "	" جمع " "
لَنْ تَضْرِبِیْ	ہرگز نہیں مارے گی تو ایک عورت "	" واحد مؤنث حاضر
لَنْ تَضْرِبَا	ہرگز نہیں مارو گی تم دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لَنْ تَضْرِبْنَ	ہرگز نہیں مارو گی تم سب عورتیں "	" جمع " "
لَنْ اَضْرِبَ	ہرگز نہیں ماروں گا میں ایک مرد یا عورت "	" واحد متکلم
لَنْ نَضْرِبَ	ہرگز نہیں مارینگے ہم مرد یا عورتیں "	" متکلم مع الغیر

مضارع منفی مجہول مؤکد بلَنْ ناصبہ

لَنْ یُّضْرَبَ	ہرگز [illegible] وہ ایک مرد زمانہ [illegible] میں	صیغہ واحد مذکر غائب
لَنْ یُّضْرَبَ	ہرگز [illegible] مارے جائیں گے وہ دو مرد "	" تثنیہ " "
لَنْ یُّضْرَبُوْا	" " " " وہ سب مرد "	" جمع " "

Marfat.com

لَنْ تُضْرَبَ	ہرگز نہیں ماری جائیگی وہ ایک عورت زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مؤنث غائب
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں ماری جائینگی وہ دو عورتیں "	" تثنیہ " " "
لَنْ يُضْرَبْنَ	" " " " وہ سب عورتیں "	" جمع " " "
لَنْ تُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جائیگا تُو ایک مرد "	" واحد مذکر حاضر
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد "	" تثنیہ " "
لَنْ تُضْرَبُوا	" " " " تم سب مرد "	" جمع " "
لَنْ تُضْرَبِي	ہرگز نہیں ماری جائیگی تو ایک عورت "	" واحد مؤنث حاضر
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں "	" تثنیہ " "
لَنْ تُضْرَبْنَ	" " " " تم سب عورتیں "	" جمع " "
لَنْ أُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا عورت "	" واحد متکلم
لَنْ نُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارے جائینگے ہم (مرد یا عورتیں) "	" متکلم مع الغیر

فعل مضارع معلوم مؤکد بالام و نون تاکید ثقیلہ

لَيَضْرِبَنَّ	ضرور بالضرور مارے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَيَضْرِبَانِّ	" ماریں گے وہ دو مرد	" تثنیہ " "

Marfat.com

لَیَضْرِبُنَّ	〃 ماریں گے وہ سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لَتَضْرِبَنَّ	〃 مارے گی وہ ایک عورت	〃 واحد مؤنث غائب
لَتَضْرِبَانِّ	〃 ماریں گی وہ دو عورتیں	〃 تثنیہ 〃 〃
لَیَضْرِبْنَانِّ	〃 ماریں گی وہ سب عورتیں	〃 جمع 〃 〃
لَتَضْرِبَنَّ	ضرور بالضرور مارے گا تو ایک مرد	صیغہ و [illegible] حاضر
لَتَضْرِبَانِّ	〃 مارو گے تم دو مرد	〃 تثنیہ 〃 〃
لَتَضْرِبُنَّ	〃 مارو گے تم سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لَتَضْرِبِنَّ	〃 مارے گی تو ایک عورت	〃 واحد مؤنث حاضر
لَتَضْرِبَانِّ	〃 مارو گی تم دو عورتیں	〃 تثنیہ 〃 〃
لَتَضْرِبْنَانِّ	〃 مارو گی تم سب عورتیں	〃 جمع 〃 〃
لَاَضْرِبَنَّ	〃 ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃 واحد متکلم
لَنَضْرِبَنَّ	〃 ماریں گے ہم (مرد یا عورتیں)	〃 متکلم مع الغیر

فعل مضارع مجہول مؤکد بالام ونون تاکید ثقیلہ

لَیُضْرَبَنَّ	ضرور بالضرور مارا جائے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَیُضْرَبَانِّ	〃 مارے جائیں گے وہ دو مرد	〃 تثنیہ 〃 〃

Marfat.com

لَيُضْرَبُنَّ	〃 مارے جائیں گے وہ سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لَيُضْرَبَنَّ	〃 ماری جائے گی وہ ایک عورت	〃 واحد مؤنث غائب
لَيُضْرَبَانِّ	〃 ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	〃 تثنیہ 〃 〃
لَيُضْرَبْنَانِّ	〃 ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	〃 جمع 〃 〃
لَتُضْرَبَنَّ	ضرور بالضرور مارا جائے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَتُضْرَبَانِّ	〃 مارے جاؤ گے تم دو مرد	〃 تثنیہ 〃 〃
لَتُضْرَبُنَّ	〃 مارے جاؤ گے تم سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لَتُضْرَبِنَّ	〃 ماری جائے گی تو ایک عورت	واحد مؤنث حاضر
لَتُضْرَبَانِّ	〃 ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	〃 تثنیہ 〃 〃
لَتُضْرَبْنَانِّ	〃 ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	〃 جمع 〃 〃
لَأُضْرَبَنَّ	〃 مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃 واحد متکلم
لَنُضْرَبَنَّ	〃 مارے جائیں گے ہم (مرد یا عورتیں)	〃 متکلم مع الغیر

فعل مضارع معلوم مؤکد بلام و نون تاکید خفیفہ

لَيَضْرِبَنْ	ضرور مارے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَيَضْرِبُنْ	〃 ماریں گے وہ سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لَتَضْرِبَنْ	〃 مارے گی وہ ایک عورت	〃 واحد مؤنث 〃
لَتَضْرِبَنْ	〃 مارے گا تو ایک مرد	〃 واحد مذکر حاضر

Marfat.com

لَتَضْرِبُنَّ	،، مارو گے تم سب مرد	،، جمع ،،
لَتَضْرِبِنَّ	،، مارے گی تو ایک عورت	،، واحد مؤنث
لَاَضْرِبَنَّ	،، ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	،، واحد متکلم
لَنَضْرِبَنَّ	،، ماریں گے ہم (مرد یا عورتیں)	،، متکلم مع الغیر

فعل مضارع مجہول مؤکد بالام ونون تاکید خفیفہ

لَيُضْرَبَنْ	ضرور مارا جائے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَيُضْرَبُنْ	،، مارے جائیں گے وہ سب مرد	،، جمع ،، ،،
لَتُضْرَبَنْ	،، ماری جائے گی وہ ایک عورت	،، واحد مؤنث ،،
لَتُضْرَبَنْ	،، مارا جائے گا تو ایک مرد	،، واحد مذکر حاضر
لَتُضْرَبُنْ	،، مارے جاؤ گے تم سب مرد	،، جمع ،، ،،
لَتُضْرَبِنْ	،، ماری جائے گی تو ایک عورت	،، واحد مؤنث ،،
لَاُضْرَبَنْ	،، مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	،، واحد متکلم
لَنُضْرَبَنْ	،، مارے جائیں گے ہم (مرد یا عورتیں)	،، متکلم مع الغیر

فعل امر حاضر معلوم

اِضْرِبْ	مار تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر

Marfat.com

اِضْرِبَا	مارو تم دو مرد	″ تثنیہ ″ ″
اِضْرِبُوا	مارو تم سب مرد	″ جمع ″ ″
اِضْرِبِی	مارتُو ایک عورت	″ واحد مؤنث حاضر
اِضْرِبَا	مارو تم دو عورتیں	″ تثنیہ ″ ″
اِضْرِبْنَ	مارو تم سب عورتیں	″ جمع ″ ″

امر حاضر مجہول

لِتُضْرَبْ	مارا جائے تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لِتُضْرَبَا	مارے جاؤ تم دو مرد	″ تثنیہ ″ ″
لِتُضْرَبُوا	″ ″ تم سب مرد	″ جمع ″ ″
لِتُضْرَبِی	ماری جائے تُو ایک عورت	″ واحد مؤنث ″
لِتُضْرَبَا	ماری جاؤ تم دو عورتیں	″ تثنیہ ″ ″
لِتُضْرَبْنَ	ماری جاؤ تم سب عورتیں	″ جمع ″ ″

امر غائب معلوم

لِیَضْرِبْ	مارے وُہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیَضْرِبَا	ماریں وُہ دو مرد	″ تثنیہ ″ ″
لِیَضْرِبُوا	ماریں وُہ سب مرد	″ جمع ″ ″
لِتَضْرِبْ	مارے وُہ ایک عورت	″ واحد مؤنث ″
لِتَضْرِبَا	ماریں وُہ دو عورتیں	″ تثنیہ ″ ″
لِیَضْرِبْنَ	ماریں وُہ سب عورتیں	″ جمع ″ ″
لِاَضْرِبْ	ماروں مَیں ایک مرد یا عورت	صیغہ واحد متکلم
لِنَضْرِبْ	ماریں ہم (مرد یا عورتیں)	″ متکلم مع الغیر

Marfat.com

امر غائب مجہول

لِيُضْرَبْ	مارا جائے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِيُضْرَبَا	مارے جائیں وہ دو مرد	〃 تثنیہ 〃 〃
لِيُضْرَبُوا	〃 〃 وہ سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لِتُضْرَبْ	ماری جائے وہ ایک عورت	〃 واحد مؤنث غائب
لِتُضْرَبَا	ماری جائیں وہ دو عورتیں	〃 تثنیہ 〃 〃
لِيُضْرَبْنَ	〃 〃 وہ سب عورتیں	〃 جمع 〃 〃
لِأُضْرَبْ	مارا جاؤں میں ایک مرد یا عورت	〃 واحد متکلم
لِنُضْرَبْ	مارے جائیں ہم (مرد یا عورتیں)	〃 متکلم مع الغیر

فعل امر حاضر معلوم مؤکّد بانون تاکید ثقیلہ

اِضْرِبَنَّ	ضرور بالضرور مار تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
اِضْرِبَانِّ	〃 مارو تم دو مرد	〃 تثنیہ 〃 〃
اِضْرِبُنَّ	〃 مارو تم سب مرد	〃 جمع 〃 〃
اِضْرِبِنَّ	〃 مار تُو ایک عورت	〃 واحد مؤنث حاضر
اِضْرِبَانِّ	〃 مارو تم دو عورتیں	〃 تثنیہ 〃 〃
اِضْرِبْنَانِّ	〃 مارو تم سب عورتیں	〃 جمع 〃 〃

امر حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

لِتُضْرَبَنَّ	ضرور بالضرور مارا جائے تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لِتُضْرَبَانِّ	〃 مارے جاؤ تم دو مرد	〃 تثنیہ 〃 〃
لِتُضْرَبُنَّ	〃 مارے جاؤ تم سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لِتُضْرَبِنَّ	〃 ماری جائے تُو ایک عورت	〃 واحد مؤنث حاضر

Marfat.com

لِتُضْرَبَانِّ	” ماری جاؤ تم دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لِتُضْرَبْنَانِّ	” ماری جاؤ تم سب عورتیں	” جمع ” ”

امر غائب معلوم مؤکد با نون تاکید ثقیلہ

لِیَضْرِبَنَّ	ضرور بالضرور مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیَضْرِبَانِّ	” ماریں وہ دو مرد	” تثنیہ ” ”
لِیَضْرِبُنَّ	” ماریں وہ سب مرد	” جمع ” ”
لِتَضْرِبَنَّ	” مارے وہ ایک عورت	” واحد مؤنث غائب
لِتَضْرِبَانِّ	” ماریں وہ دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لِیَضْرِبْنَانِّ	” ماریں وہ سب عورتیں	” جمع ” ”
لِاَضْرِبَنَّ	” ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت	” واحد متکلم
لِنَضْرِبَنَّ	” ماریں ہم (مرد یا عورتیں)	” متکلم مع الغیر

امر غائب مجہول مؤکد با نون تاکید ثقیلہ

لِیُضْرَبَنَّ	ضرور بالضرور مارا جائے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیُضْرَبَانِّ	” مارے جائیں وہ دو مرد	” تثنیہ ” ”
لِیُضْرَبُنَّ	” مارے جائیں وہ سب مرد	” جمع ” ”
لِتُضْرَبَنَّ	” ماری جائے وہ ایک عورت	” واحد مؤنث غائب
لِتُضْرَبَانِّ	” ماری جائیں وہ دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لِیُضْرَبْنَانِّ	” ماری جائیں وہ سب عورتیں	” جمع ” ”
لِاُضْرَبَنَّ	” مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	” واحد متکلم
لِنُضْرَبَنَّ	” مارے جائیں ہم (مرد یا عورتیں)	” متکلم مع الغیر

Marfat.com

فعل امر حاضر معلوم مؤکّد بانون تاکید خفیفہ

اِضْرِبَنْ	ضرور مار تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
اِضْرِبُنْ	" مارو تم سب مرد	" جمع " "
اِضْرِبِنْ	" مار تُو ایک عورت	" واحد مؤنث "

فعل امر حاضر مجہول مؤکّد بانون تاکید خفیفہ

لِتُضْرَبَنْ	ضرور مارا جائے تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لِتُضْرَبُنْ	" مارے جاؤ تم سب مرد	" جمع " "
لِتُضْرَبِنْ	" ماری جائے تُو ایک عورت	" واحد مؤنث "

فعل امر غائب معلوم مؤکّد بانون تاکید خفیفہ

لِيَضْرِبَنْ	ضرور مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِيَضْرِبُنْ	" ماریں وہ سب مرد	" جمع " "
لِتَضْرِبَنْ	" مارے وہ ایک عورت	" واحد مؤنث "
لِاَضْرِبَنْ	" ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت	" واحد متکلم
لِنَضْرِبَنْ	" ماریں ہم (مرد یا عورتیں)	" متکلم مع الغیر

فعل امر غائب مجہول مؤکّد بانون تاکید خفیفہ

لِيُضْرَبَنْ	ضرور مارا جائے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِيُضْرَبُنْ	" مارے جائیں وہ سب مرد	" جمع " "
لِتُضْرَبَنْ	" ماری جائے وہ ایک عورت	" واحد مؤنث "

Marfat.com

لِأُضْرَبَنَّ	” مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	” واحد متکلم
لِنُضْرَبَنَّ	” مارے جائیں ہم (مرد یا عورتیں)	” تکلم مع الغیر

فعل نہی حاضر معلوم

لَا تَضْرِبْ	نہ مار تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَا تَضْرِبَا	نہ مارو تم دو مرد	” تثنیہ ” ”
لَا تَضْرِبُوْا	نہ مارو تم سب مرد	” جمع ” ”
لَا تَضْرِبِيْ	نہ مار تُو ایک عورت	” واحد مؤنث حاضر
لَا تَضْرِبَا	نہ مارو تم دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لَا تَضْرِبْنَ	نہ مارو تم سب عورتیں	” جمع ” ”

فعل نہی حاضر مجہول

لَا تُضْرَبْ	نہ مارا جائے تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَا تُضْرَبَا	نہ مارے جاؤ تم دو مرد	” تثنیہ ” ”
لَا تُضْرَبُوْا	” ” تم سب مرد	” جمع ” ”
لَا تُضْرَبِيْ	نہ ماری جائے تو ایک عورت	” واحد مؤنث حاضر
لَا تُضْرَبَا	نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لَا تُضْرَبْنَ	” ” تم سب عورتیں	” جمع ” ”

فعل نہی غائب معلوم

لَا يَضْرِبْ	نہ مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَا يَضْرِبَا	نہ ماریں وہ دو مرد	” تثنیہ ” ”
لَا يَضْرِبُوْا	نہ ماریں وہ سب مرد	” جمع ” ”

Marfat.com

لَاتَضْرِبْ	نہ مارے وہ ایک عورت	” واحد مؤنث ”
لَاتَضْرِبَا	نہ ماریں وہ دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لَایَضْرِبْنَ	نہ ماریں وہ سب عورتیں	” جمع ” ”
لَا اَضْرِبْ	نہ ماروں میں ایک مرد یا عورت	صیغہ واحد متکلم
لَا نَضْرِبْ	نہ ماریں ہم (مرد یا عورتیں)	” متکلم مع الغیر

فعل نہی غائب مجہول

اس کی تمام گردانوں کو فعل نہی غائب معلوم پر قیاس کر لیا جائے لیکن معنی ”نہ مارے“ کی بجائے ”نہ مارا جائے“ کیا جائے۔

فعل نہی حاضر معلوم مؤکّد با نون تاکید ثقیلہ

لَاتَضْرِبَنَّ	ہرگز نہ مار تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَاتَضْرِبَانِّ	ہرگز نہ مارو تم دو مرد	” تثنیہ ” ”
لَاتَضْرِبُنَّ	ہرگز نہ مارو تم سب مرد	” جمع ” ”
لَاتَضْرِبِنَّ	ہرگز نہ مار تو ایک عورت	” واحد مؤنث ”
لَاتَضْرِبَانِّ	ہرگز نہ مارو تم دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لَاتَضْرِبْنَانِّ	ہرگز نہ مارو تم سب عورتیں	” جمع ” ”

فعل نہی حاضر مجہول مؤکد بالنون تاکید ثقیلہ

لَاتُضْرَبَنَّ	ہرگز نہ مارا جائے تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَاتُضْرَبَانِّ	ہرگز نہ مارے جاؤ تم دو مرد	” تثنیہ ” ”
لَاتُضْرَبُنَّ	ہرگز نہ مارے جاؤ تم سب مرد	” جمع ” ”
لَاتُضْرَبِنَّ	ہرگز نہ ماری جائے تو ایک عورت	” واحد مؤنث ”

Marfat.com

لَا تُضْرَبَانِّ	ہرگز نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لَا تُضْرَبْنَانِّ	” ” ” تم سب عورتیں	” جمع ” ”

فعل نہی غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ

لَا يَضْرِبَنَّ	ہرگز نہ مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَا يَضْرِبَانِّ	ہرگز نہ ماریں وہ دو مرد	” تثنیہ ” ”
لَا يَضْرِبُنَّ	” ” ” وہ سب مرد	” جمع ” ”
لَا تَضْرِبَنَّ	ہرگز نہ مارے وہ ایک عورت	” واحد مؤنث ”
لَا تَضْرِبَانِّ	ہرگز نہ ماریں وہ دو عورتیں	” تثنیہ ” ”
لَا يَضْرِبْنَانِّ	” ” وہ سب عورتیں	” جمع ” ”
لَا أَضْرِبَنَّ	ہرگز نہ ماروں میں ایک مرد یا عورت	” واحد متکلم
لَا نَضْرِبَنَّ	ہرگز نہ ماریں ہم (مرد یا عورتیں)	” متکلم مع الغیر

فعل نہی حاضر معلوم مؤکد بانون تاکید خفیفہ

لَا تَضْرِبَنْ	ہرگز نہ مار تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَا تَضْرِبُنْ	ہرگز نہ مارو تم سب مرد	” جمع ” ”
لَا تَضْرِبِنْ	ہرگز نہ مار تو ایک عورت	” واحد مؤنث حاضر

فعل نہی حاضر مجہول مؤکد بانون تاکید خفیفہ

لَا تُضْرَبَنْ	ہرگز نہ مارا جائے تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَا تُضْرَبُنْ	ہرگز نہ مارے جاؤ تم سب مرد	” جمع ” ”
لَا تُضْرَبِنْ	ہرگز نہ ماری جائے تو ایک عورت	” واحد مؤنث حاضر

Marfat.com

فعل نہی غائب معلوم مؤکد بانون تاکید خفیفہ

لَا یَضْرِبَنْ	ہرگز نہ مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَا یَضْرِبُنْ	ہرگز نہ ماریں وہ سب مرد	〃 جمع 〃 〃
لَا تَضْرِبَنْ	ہرگز نہ مارے وہ ایک عورت	〃 واحد مؤنث غائب
لَا اَضْرِبَنْ	ہرگز نہ ماروں میں ایک مرد یا عورت	〃 واحد متکلم
لَا نَضْرِبَنْ	ہرگز نہ ماریں ہم (مرد یا عورتیں)	〃 متکلم مع الغیر

اسمِ ظرف

مَضْرِبٌ	مارنے کی ایک جگہ یا ایک وقت	صیغہ واحد اسم ظرف
مَضْرِبَانِ	مارنے کی دو جگہیں یا دو وقت	〃 تثنیہ 〃
مَضَارِبُ	مارنے کی سب جگہیں یا سب وقت	〃 جمع 〃
مُضَيْرِبٌ	کم مارنے کی ایک جگہ یا ایک وقت	〃 واحد مصغر 〃

اسمِ آلہ

مِضْرَبٌ	مارنے کا ایک آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ
مِضْرَبَانِ	مارنے کے دو آلے	〃 تثنیہ 〃
مَضَارِبُ	مارنے کے سب آلے	〃 جمع مکسر 〃
مُضَيْرِبٌ	کم مارنے کا ایک آلہ	〃 واحد مصغر 〃
مِضْرَبَةٌ	مارنے کا ایک آلہ	〃 واحد مع تاء زائدہ بعد لام کلمہ
مِضْرَبَتَانِ	مارنے کے دو آلے	〃 تثنیہ 〃
مَضَارِبُ	مارنے کے سب آلے	〃 جمع 〃
مُضَيْرِبَةٌ	مارنے کا ایک آلہ	〃 واحد مصغر 〃

Marfat.com

مِضْرَابٌ	مارنے کا ایک آلہ	صیغہ واحد مع الف زائد بعد عین کلمہ
مِضْرَابَانِ	مارنے کے دو آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ مع الف زائدہ
مَضَارِیْبُ	مارنے کے سب آلے	" جمع مکسر "
مُضَیْرِیْبٌ	کم مارنے کا ایک آلہ	" واحد مصغر "

افعل التفضیل المذکر منہ

اَضْرَبُ	زیادہ مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
اَضْرَبَانِ	زیادہ مارنے والے دو مرد	" تثنیہ "
اَضْرَبُوْنَ	" " " سب مرد	" جمع " سالم
اَضَارِبُ	" " " "	" جمع مذکر مکسّر
اُضَیْرِبٌ	تھوڑا سا زیادہ مارنے والا ایک مرد	" واحد مذکر مصغّر

والمؤنّث منہ

ضُرْبٰی	زیادہ مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
ضُرْبَیَانِ	" " " دو عورتیں	" تثنیہ "
ضُرْبَیَاتٌ	" " " سب عورتیں	" جمع " سالم
ضُرَبٌ	" " " "	" جمع مؤنث مکسّر
ضُرَیْبٰی	تھوڑا سا زیادہ مارنے والی ایک عورت	" واحد مؤنث مصغّر

Marfat.com

فعل التعجب منہ

مَا اَضْرَبَہٗ	کتنا اچھا مارا اس ایک مرد نے			صیغہ واحد مذکر	
اَضْرِبْ بِہٖ	"	"	"	"	"
ضَرُبَ	"	"	"	"	"
ضَرُبَتْ	"	" ایک عورت نے		" واحد مؤنث	

بابِ دوم

ضَرَبَ یَضْرِبُ کی بنائیں

اِس باب میں صرف ضرب یضرب کی بنائیں ذکر کی جائیں گی باقی ابواب کی بنائیں اس پر قیاس کی جائیں۔ (ماخوذ از صرف بھترال)

فائدہ: کسی کلمہ میں کمی یا زیادتی کرکے دوسرے کلمہ کو حاصل کرنے کا نام "بناء" ہے پہلے کلمہ کو مبنی منہ اور دوسرے کو مبنی کہتے ہیں۔

ماضی معلوم: ضَرَبَ کو ضَرْبًا سے بناتے ہیں۔ پہلے حرف کو اپنے حال پر چھوڑا دوسرے کو فتحہ دیا تیسرے کے نصب کو فتحہ سے بدلا اور تنوینِ تمکن کو حذف کیا کیونکہ تنوینِ تمکن اسم کی نشانی ہے اور فعل اسم کی نشانی قبول نہیں کرتا تو ضَرَبَ ہو گیا۔

ضَرَبَا کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔ الف ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ تثنیہ اور ضمیرِ فاعل ہے ضَرَبَ کے آخر میں لائے تو ضَرَبَا ہو گیا۔

ضَرَبُوْا کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔ واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامت جمع مذکر اور ضمیرِ فاعل ہے ماقبل کے ضمہ کے ساتھ آخر میں لائے تو ضَرَبُوْا ہو گیا۔

ضَرَبَتْ کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔ تاء ساکنہ محض علامتِ تانیث کی ضَرَبَ کے آخر میں لائے تو ضَرَبَتْ ہو گیا۔

Marfat.com

ضَرَبَتَا کو ضَرَبَتْ سے بناتے ہیں۔ الف ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ تثنیہ اور ضمیرِ فاعل ہے آخر میں لائے۔ الف کے ماقبل کو فتحہ دیا تو ضَرَبَتَا ہوگیا۔

ضَرَبْنَ کو ضَرَبَتْ سے بناتے ہیں۔ نون ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ جمع مؤنث اور ضمیرِ فاعل ہے آخر میں لائے ضَرَبَتْنَ ہوگیا۔ تانیث کی دو علامتیں فعل میں جمع ہوگئیں اور فعل میں تانیث کی دو علامتوں کا جمع ہونا مطلقاً ناجائز ہے لہذا تاء کو حذف کردیا ضَرَبَنَ ہوگیا۔ اب مثل کلمہ واحدہ میں چار حرکتیں پے در پے آگئیں جو جائز نہیں لہذا باء کو ساکن کیا تو ضَرَبْنَ ہوگیا۔

ضَرَبْتَ کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔ تاء ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ واحد مذکر مخاطب اور ضمیرِ فاعل ہے آخر میں لائے۔ باء کو ساکن کیا تاکہ مثل کلمہ واحدہ میں چار حرکتوں کا پے در پے آنا لازم نہ آئے تو ضَرَبْتَ ہوگیا۔

ضَرَبْتُمَا کو ضَرَبْتَ سے بناتے ہیں۔ الف ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ تثنیہ اور ضمیرِ فاعل ہے آخر میں لائے ضَرَبْتَا ہوگیا۔ الف سے پہلے میم شفوی مفتوحہ ماقبل کے ضمہ کے ساتھ زیادہ کردیا تاکہ حالتِ اشباع یعنی کھینچ کر پڑھنے میں واحد مذکر مخاطب کے ساتھ التباس لازم نہ آئے۔

ضَرَبْتُمْ کو ضَرَبْتَ سے بناتے ہیں۔ واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ جمع مذکر اور ضمیرِ فاعل ہے ماقبل کے ضمہ کے ساتھ آخر میں لائے ضَرَبْتُو ہوگیا۔ واؤ سے پہلے میم شفوی مضمومہ زیادہ کیا تاکہ حالتِ اشباع میں واحد متکلم کے صیغہ کے ساتھ التباس لازم نہ آئے ضَرَبْتُمُو ہوگیا۔ واؤ کو حذف کرکے میم کو ساکن کیا تو ضَرَبْتُمْ ہوگیا۔

ضَرَبْتِ کو ضَرَبْتَ سے بناتے ہیں۔ تاء کے فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا تاکہ مذکر و مؤنث میں فرق ہوجائے تو ضَرَبْتِ ہوگیا۔

Marfat.com

ضَرَبْتُمَا کو ضَرَبْتِ سے بناتے ہیں۔ الف ضمیرِ بارز مرفوع متصل جو علامتِ تثنیہ اور ضمیرِ فاعل ہے ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے ضَرَبْتَا ہو گیا۔ اب الف سے پہلے میم شفوی مفتوحہ ماقبل کے ضمہ کے ساتھ زیادہ کیا تاکہ حالتِ اشباع میں واحد مذکر مخاطب سے التباس لازم نہ آئے تو ضَرَبْتُمَا ہو گیا۔

ضَرَبْتُنَّ کو ضَرَبْتِ سے بناتے ہیں۔ نون ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ جمع مؤنث اور ضمیرِ فاعل ہے آخر میں لائے ضَرَبْتِنَ ہو گیا۔ پھر جمع مذکر پر قیاس کرتے ہوئے نون سے پہلے میم شفوی ساکنہ ماقبل کے ضمہ کے ساتھ زیادہ کر دیا ضَرَبْتُمْنَ ہو گیا۔ میم اور نون چونکہ قریب المخرج ہیں اکٹھے آ گئے میم کو نون کیا اور نون کا نون میں ادغام کیا تو ضَرَبْتُنَّ ہو گیا۔

ضَرَبْتُ کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔ تار ضمیرِ بارز مرفوع متصل جو علامتِ واحد متکلم اور ضمیرِ فاعل ہے آخر میں لائے اور بار کو ساکن کر دیا تاکہ مثلِ کلمہ واحدہ میں چار حرکتوں کا پے در پے آنا لازم نہ آئے تو ضَرَبْتُ ہو گیا۔

ضَرَبْنَا کو ضَرَبْتُ سے بناتے ہیں۔ تار کو حذف کر کے اس کی جگہ نون ضمیرِ بارز مرفوع متصل جو علامتِ متکلم مع الغیر اور ضمیرِ فاعل ہے لائے تو ضَرَبْنَ ہو گیا۔ نون کے بعد الف زائدہ لائے تاکہ جمع مؤنث غائبات کے صیغہ سے التباس لازم نہ آئے تو ضَرَبْنَا ہو گیا۔

ماضی مجہول: ضُرِبَ کی پوری گردان کو ضَرَبَ کی پوری گردان سے بناتے ہیں۔ فار کلمہ کو ضمہ اور عین کلمہ کو کسرہ دیا تو ضُرِبَ الخ ہو گیا۔

مضارع معلوم: یَضْرِبُ تَضْرِبُ اَضْرِبُ نَضْرِبُ کو ضَرَبَ سے بناتے ہیں۔ حروفِ اَتَیْنَ میں سے ایک حرف مفتوح شروع میں لائے فار کلمہ کو ساکن کیا آخر کے ماقبل کو کسرہ دیا اور آخر میں ضمۂ اعرابی لائے تو

Marfat.com

یَضْرِبُ تَضْرِبُ اَضْرِبُ نَضْرِبُ ہوگیا۔

یَضْرِبَانِ تَضْرِبَانِ کو یَضْرِبُ تَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ الف ضمیرِ بارز مرفوع متصل جو علامتِ تثنیہ اور ضمیرِ فاعل ہے ماقبل کے فتحہ کے ساتھ اور نون مکسورہ اُس ضمۂ اعرابی کے عوض جو واحد میں تھا آخر میں لائے تو یَضْرِبَانِ تَضْرِبَانِ ہوگیا۔

یَضْرِبُوْنَ تَضْرِبُوْنَ کو یَضْرِبُ تَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ جمع مذکر اور ضمیرِ فاعل ہے ماقبل کے ضمہ کے ساتھ اور نونِ مفتوحہ اُس ضمۂ اعرابی کے عوض جو واحد میں تھا آخر میں لائے تو یَضْرِبُوْنَ تَضْرِبُوْنَ ہوگیا۔

یَضْرِبْنَ کو تَضْرِبُ سے بناتے ہیں تاء کو حذف کرکے یاءِ اصلیہ (یعنی وہ یاء جو کہ غائب میں اصل ہے) کو واپس لائے۔ آخر میں نون مفتوحہ ضمیر بارز مرفوع متصل لائے جو علامتِ جمع مؤنث اور ضمیرِ فاعل ہے۔ نونِ جمع مؤنث کے تقاضے کی وجہ سے اس کے ماقبل کو ساکن کردیا تو یَضْرِبْنَ ہوگیا۔

تَضْرِبِیْنَ کو تَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ یاء ضمیرِ بارز مرفوع متصل جو علامتِ واحدہ مؤنثہ مخاطبہ اور ضمیرِ فاعل یا فقط علامت واحدہ مؤنثہ مخاطبہ ہے ماقبل کے کسرہ کے ساتھ اور نونِ مفتوحہ اُس ضمۂ اعرابی کے عوض جو تَضْرِبُ میں تھا آخر میں لائے تو تَضْرِبِیْنَ ہوگیا۔

تَضْرِبَانِ کو تَضْرِبِیْنَ سے بناتے ہیں۔ یاء کو حذف کیا۔ اُس کی جگہ الف ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ تثنیہ اور ضمیرِ فاعل ہے ماقبل کے فتحہ کے ساتھ لائے۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو تَضْرِبَانِ ہوگیا۔

Marfat.com

تَضْرِبْنَ کو تَضْرِبِیْنَ سے بناتے ہیں۔ یار کو حذف کرکے اس کی جگہ نُونِ ضمیر بارز مرفوع متصل جو علامتِ جمع مؤنث اور ضمیرِ فاعل ہے لائے اور نونِ جمع مؤنث کے تقاضے کی وجہ سے اس کے ماقبل کو ساکن کیا تَضْرِبْنَنَ ہوگیا۔ نونِ اعرابی کو حذف کردیا کیونکہ نونِ جمع مؤنث مبنی ہے اور نُونِ اعرابی معرب کی علامت ہے۔ یہ دونوں آپس میں ضدین ہیں اور اجتماعِ ضدین ناجائز ہے تو تَضْرِبْنَ ہوگیا۔

مضارع مجہول : یُضْرَبُ کی پُوری گردان کو یَضْرِبُ کی پُوری گردان سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمّہ دیا آخر کے ماقبل کو فتحہ دیا تو یُضْرَبُ الخ ہوگیا۔

اسمِ فاعل : ضَارِبٌ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ علامتِ مضارع کو حذف کیا۔ فار کلمہ کو فتحہ دیا اُس کے بعد الف علامتِ اسمِ فاعل لائے۔ عین کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑا اور آخر میں تنوینِ تمکن لائے جو اسمیت کی علامت ہے تو ضَارِبٌ ہوگیا۔

ضَارِبَانِ اور ضَارِبَیْنِ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یار ساکنہ علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب و جر میں سمیت نون مکسورہ کے اُس ضمّہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو ضَارِبَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور ضَارِبَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب و جر میں۔

ضَارِبُوْنَ اور ضَارِبِیْنَ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ واؤ علامتِ جمع مذکر سالم ماقبل کے ضمّہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یار علامتِ جمع مذکر سالم ماقبل کے کسرہ کے ساتھ حالتِ نصب و جر میں سمیت نُون مفتوحہ کے اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے

Marfat.com

تو ضَارِبُوْنَ ہو گیا حالتِ رفع میں اور ضَارِبِیْنَ ہو گیا حالتِ نصب و جر میں۔

ضَرَبَۃٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو فتحہ دیا۔ تاءِ متحرکہ علامتِ جمع تکسیر ما قبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے اور اعراب کو تاء پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو ضَرَبَۃٌ ہو گیا۔

ضُرَّابٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو مشدد مفتوح کیا۔ اس کے بعد الف علامتِ جمع تکسیر لائے تو ضُرَّابٌ ہو گیا۔

ضُرَّبٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو مشدد مفتوح کیا تو ضُرَّبٌ ہو گیا۔

ضُرُبٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو ساکن کیا تو ضُرْبٌ ہو گیا۔

ضُرَبَاءُ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو فتحہ دیا۔ آخر میں الف ممدودہ علامتِ جمع تکسیر ما قبل کے فتحہ کے ساتھ لائے۔ منع صرف کی وجہ سے تنوین کو حذف کر دیا۔ اعراب کو ہمزہ پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو ضُرَبَاءُ ہو گیا۔

ضُرْبَانٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو ساکن کیا۔ آخر میں الف نون زائدتان علامتِ جمع تکسیر ما قبل کے فتحہ کے ساتھ لائے۔ اعراب کو نون پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو ضُرْبَانٌ ہو گیا۔

Marfat.com

ضِرَابٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو کسرہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو فتحہ دیا اور اس کے بعد الف علامتِ جمع تکسیر لائے تو ضِرَابٌ ہوگیا۔

ضُرُوبٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو ضمہ دیا اور اُس کے بعد واوٗ علامتِ جمع تکسیر لائے تو ضُرُوبٌ ہوگیا۔

ضَارِبَۃٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ تار متحرک علامتِ تانیث ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے۔ اعراب کو تار پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو ضَارِبَۃٌ ہوگیا۔

ضَارِبَتَانِ اور ضَارِبَتَیْنِ کو ضَارِبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یار علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب و جر میں سمیت نونِ مکسورہ کے اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو ضَارِبَتَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور ضَارِبَتَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب و جر میں۔

ضَارِبَاتٌ کو ضَارِبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ الف و تار علامتِ جمع مؤنث سالم سمیت تنوینِ مقابلہ کے ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے۔ اعراب کو تار پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو ضَارِبَتَاتٌ ہوگیا۔ اسم میں ایک ہی جنس کی دو تانیث کی علامتیں جمع ہوگئیں جو کہ جائز نہیں لہٰذا پہلی تار کو حذف کر دیا تو ضَارِبَاتٌ ہوگیا۔

ضَوَارِبُ کو ضَارِبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ پہلے حرف کو اپنے حال پر چھوڑا۔ دوسرا حرف جو کہ مدہ زائدہ تھا اُس کو واوٗ مفتوحہ سے بدلا۔ تیسری جگہ الف

Marfat.com

علامت جمع اقصیٰ لائے۔ الف کے بعد والے حرف کو اپنے حال پر چھوڑا۔ تا، وحدت کو حذف کیا کیونکہ جمع اور واحد آپس میں ضدیں ہیں۔ اور تنوین تمکن کو ..... کی وجہ سے حذف کیا تو ضَوَارِبُ ہوگیا۔

فائدہ : جمع اقصیٰ بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ پہلے اور دُوسرے حرف کو فتحہ دیتے ہیں تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصیٰ لاتے ہیں۔ الف کے بعد ایک حرف ہو تو وہ مشدد ہوتا ہے جیسے دَوَابُّ۔ دو ہوں تو ان میں سے پہلا مکسور ہوتا ہے دوسرے کی حرکت متعین نہیں جیسے ضَوَارِبُ۔ اگر تین ہوں تو پہلا مکسور اور دوسری جگہ یاء ساکنہ ہوتی ہے۔ تیسرے کی حرکت متعین نہیں جیسے مَنَارِیبُ۔

ضُرَّبٌ کو ضَارِبَةٌ سے بناتے ہیں۔ فاء کلمہ کو ضمہ دیا۔ الفِ وُحدان کو حذف کیا۔ عین کلمہ کو مشدد مفتوح کیا۔ تاء کو ضدیت کی وجہ سے حذف کیا تو ضُرَّبٌ ہوگیا۔

ضُوَيْرِبٌ کو ضَارِبٌ سے بناتے ہیں۔ فاء کلمہ کو ضمہ دیا۔ دُوسری جگہ الف مدہ زائدہ تھا اس کو واؤ مفتوحہ سے بدلا۔ تیسری جگہ یا علامتِ تصغیر لائے۔ باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو ضُوَيْرِبٌ ہوگیا۔

فائدہ : تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ پہلے حرف کو ضمہ اور دوسرے کو فتحہ دیتے ہیں۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لاتے ہیں۔ یاء تصغیر کے بعد اگر ایک حرف ہو تو اس کے لیے کوئی حرکت متعین نہیں، جیسے رُجَيْلٌ۔ دو ہوں تو ان میں سے پہلا مکسور ہوگا دُوسرے کی حرکت متعین نہیں، جیسے ضُوَيْرِبٌ۔ تین ہوں تو پہلا مکسور اور دوسری جگہ یاء ساکنہ ہوگی تیسرے کی حرکت متعین نہیں، جیسے مُضَيْرِيبٌ۔ یاد رہے کہ یاء تصغیر کے بعد واقع ہونے والے حروف کی حرکات کے بارے میں یہ قاعدہ کلیہ نہیں بلکہ اکثریہ ہے کیونکہ کبھی کبھی اس کے خلاف بھی ہو جاتا ہے جیسے ضُرَبِی کی تصغیر

Marfat.com

ضُرَیْبِی اور سَکْرَانُ کی تصغیر سُکَیْرَانُ۔

ضُوَیْرِبَۃٌ کو ضَارِبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ فا کلمہ کو ضمہ دیا۔ دوسری جگہ الف مدّہ زائدہ تھا اس کو واؤ مفتوحہ سے بدلا۔ تیسری جگہ یاء علامت تصغیر لائے باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو ضُوَیْرِبَۃٌ ہوگیا۔

اسمِ مفعول: مَضْرُوْبٌ کو یُضْرَبُ سے بناتے ہیں۔ علامتِ مضارع یاء کو حذف کرکے اس کی جگہ میم مفتوحہ علامتِ اسمِ مفعول لائے۔ عین کو ضمہ دیا۔ تنوینِ تمکّن علامتِ اسمیّت کو آخر میں لائے تو مَضْرُبٌ بروزنِ مَفْعُلٌ ہُوا۔ چونکہ کلامِ عرب میں مَعُوْنٌ اور مَکْرُمٌ کے علاوہ یہ وزن موجود نہیں لہٰذا عین کلمہ کے ضمہ میں اشباع کیا تاکہ واؤ پیدا ہوجائے تو مَضْرُوْبٌ بروزنِ مَفْعُوْلٌ ہوگیا۔

مَضْرُوْبَانِ اور مَضْرُوْبَیْنِ کو مَضْرُوْبٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب و جر میں سمیت نون مکسورہ کے اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مَضْرُوْبَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مَضْرُوْبَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب و جر میں۔

مَضْرُوْبُوْنَ اور مَضْرُوْبِیْنَ کو مَضْرُوْبٌ سے بناتے ہیں۔ واؤ علامتِ جمع مذکر سالم ماقبل کے ضمہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ جمع مذکر سالم ماقبل کے کسرہ کے ساتھ حالتِ نصب و جر میں سمیت نون مفتوحہ کے ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مَضْرُوْبُوْنَ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مَضْرُوْبِیْنَ ہوگیا حالتِ نصب و جر میں۔

مَضْرُوْبَۃٌ کو مَضْرُوْبٌ سے بناتے ہیں۔ تاء متحرکہ علامتِ تانیث ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے۔ اعراب کو تاء پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ

Marfat.com

میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو مَضْرُوْبَۃٌ ہوگیا۔

مَضْرُوْبَتَانِ اور **مَضْرُوْبَتَیْنِ** کو مَضْرُوْبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب وجر میں سمیت نون مکسورہ کے اُس ضمہ، تنوین یا دو نون کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مَضْرُوْبَتَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مَضْرُوْبَتَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب وجر میں۔

مَضْرُوْبَاتٌ کو مَضْرُوْبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ الف و تاء علامتِ جمع مؤنث سالم سمیت تنوینِ مقابلہ کے ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے اعراب کو تاء پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا نہیں مَضْرُوْبَتَاتٌ ہوا۔ اسم میں ایک جنس کی دو علامتِ تانیث جمع ہوگئیں۔ چونکہ اسم میں ایک جنس کی دو علامتِ تانیث کا اجتماع ممتنع ہے۔ اس لیے پہلی تاء کو حذف کیا تو مَضْرُوْبَاتٌ ہوگیا۔

مَضَارِیْبُ کو مَضْرُوْبٌ اور مَضْرُوْبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو اپنے حال پر چھوڑا۔ ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصیٰ لائے۔ جو حرف الف کے بعد آیا اس کو کسرہ دیا۔ تاء کو ضدیت، اور تنوینِ تمکّن کو منع صرف کی وجہ سے حذف کر دیا مَضَارِوْبُ ہوگیا۔ واؤ ساکن مُظہر کو ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یاء سے بدلا تو مَضَارِیْبُ ہوگیا۔

مُضَیْرِیْبٌ اور **مُضَیْرِیْبَۃٌ** کو مَضْرُوْبٌ اور مَضْرُوْبَۃٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمہ دیا اور ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائے۔ جو حرف یاءِ تصغیر کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا مُضَیْرِوْبٌ اور مُضَیْرِوْبَۃٌ ہوگیا۔ واؤ ساکن مظہر کو ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یاء سے بدلا تو مُضَیْرِیْبٌ اور مُضَیْرِیْبَۃٌ ہوگیا۔

جحد معلوم و مجہول : لَمْ یَضْرِبْ وَلَمْ یُضْرَبْ الخ کو یَضْرِبُ

Marfat.com

اور یُضْرَبُ الخ سے بناتے ہیں۔ جب لَمْ جازمہ جحدیہ کو شروع میں لائے تو اُس نے آخر میں جزم دی۔ چنانچہ علامتِ جزمی کا ظہور پانچ پانچ صیغوں میں حرکت کے گرنے اور سات سات صیغوں میں نونِ اعرابی کے گرنے سے ہوا اور دو دو صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی کیونکہ وہ مبنی ہیں اور مبنی کا آخر دخولِ عوامل سے مختلف نہیں ہوتا تو لَمْ یَضْرِبْ وَلَمْ یُضْرَبْ الخ ہو گیا۔

نفی معلوم و مجہول : لَا یَضْرِبُ وَلَا یُضْرَبُ الخ کو یَضْرِبُ اور یُضْرَبُ الخ سے بناتے ہیں۔ لا، نافیہ کو شروع میں لائے جس نے لفظوں میں تو کچھ عمل نہیں کیا لیکن معنیٰ کو مثبت سے منفی بنا دیا تو لَا یَضْرِبُ لَا یُضْرَبُ الخ ہو گیا۔

نفی معلوم و مجہول مؤکد بالَن ناصبہ : لَنْ یَضْرِبَ اور لَنْ یُضْرَبَ الخ ۔ کو یَضْرِبُ اور یُضْرَبُ الخ سے بناتے ہیں۔ لن ناصبہ نافیہ تاکیدیہ کو شروع میں لائے جس نے آخر کو نصب دیا۔ علامتِ نصبی کا ظہور پانچ پانچ صیغوں میں فتحہ کے آنے اور سات سات صیغوں میں نونِ اعرابی کے گرنے سے ہوا۔ اور دو دو صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی کیونکہ وہ مبنی ہیں اور مبنی کا آخر دخولِ عوامل سے مختلف نہیں ہوتا تو لَنْ یَضْرِبَ اور لَنْ یُضْرَبَ الخ ہو گیا۔

امر حاضر : اِضْرِبْ الخ کو تَضْرِبُ الخ سے بناتے ہیں سوائے متکلم کے صیغوں کے۔ علامتِ مضارع تاء کو حذف کیا۔ بعد والا حرف ساکن ہے اور ابتدا بالساکن محال ہے اور عین کلمہ چونکہ مضموم نہیں لہٰذا شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے۔ آخر میں وقف کیا۔ علامتِ وقفی کا ظہور ایک صیغہ میں حرکت کے گرنے اور چار صیغوں میں نونِ اعرابی کے گرنے سے ہوا۔ ایک صیغہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی کیونکہ وہ مبنی ہے۔ اور مبنی کا آخر مختلف عاملوں کے آنے سے

Marfat.com

تبدیل نہیں ہوتا تو اِضْرِبُ الخ ہوگیا۔

مؤکد با نون تاکید ثقیلہ : اِضْرِبَنَّ : دراصل اِضْرِبْ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ اُس کے آخر میں لائے نون کا ماقبل مبنی بر فتحہ ہوگیا تو اِضْرِبَنَّ ہوگیا۔

اِضْرِبَانِّ : اصل میں اِضْرِبَا تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو اِضْرِبَانَّ ہوگیا۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں یہ نون تثنیہ کے مشابہ ہے تو اِضْرِبَانِّ ہوگیا۔

اِضْرِبُنَّ : اصل میں اِضْرِبُوْ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو اِضْرِبُوْنَّ ہوگیا۔ واؤ اور نون مدغمہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ ناجائز ہے لہٰذا واؤ کو حذف کیا اور ماقبل کے ضمہ کو باقی رکھا تاکہ حذفیتِ واؤ پر دلالت کرے تو اِضْرِبُنَّ ہوگیا۔

نوٹ : اجتماعِ ساکنین علیٰ حدہٖ اور علیٰ غیر حدہٖ کی تعریفیں صفحہ ۹۵ پر دیکھیں

اِضْرِبِنَّ : اصل میں اِضْرِبِیْ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو اِضْرِبِیْنَّ ہوگیا۔ یاء اور نون مُدغمہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ ناجائز ہے لہٰذا یاء کو حذف کیا اور ماقبل کے کسرہ کو باقی رکھا تاکہ حذفیتِ یاء پر دلالت کرے تو اِضْرِبِنَّ ہوگیا

اِضْرِبَانِّ : دراصل اِضْرِبَا تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو اِضْرِبَانَّ ہوگیا۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا کیونکہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو اِضْرِبَانِّ ہوگیا۔

اِضْرِبْنَانِّ : دراصل اِضْرِبْنَ تھا۔ نُون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو اِضْرِبْنَنَّ ہوگیا۔ ایک ہی کلمہ میں تین زائدہ نُونوں کا اجتماع ہوگیا جو کلامِ عرب میں پسندیدہ نہیں سمجھا جاتا۔ لہٰذا نونِ تاکید اور نونِ جمع مؤنث

Marfat.com

کے درمیان الفِ فاصل لائے اِضْرِبْنَانِّ ہوگیا۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ یہ نون الفِ زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو اِضْرِبْنَانِّ ہوگیا

مؤکد با نونِ تاکید خفیفہ : اِضْرِبَنْ : دراصل اِضْرِبْ تھا۔ نونِ تاکید خفیفہ اُس کے آخر میں لائے نون کا ماقبل مبنی بر فتحہ ہوگیا تو اِضْرِبَنْ ہوگیا۔

اِضْرِبُنْ : دراصل اِضْرِبُوْ تھا۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے تو اِضْرِبُوْنْ ہوگیا۔ واوؔ اور نون خفیفہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو ناجائز ہے لہٰذا واوؔ کو حذف کیا اور ماقبل کے ضمہ کو برقرار رکھا تاکہ واوؔ کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو اِضْرِبُنْ ہوگیا۔

اِضْرِبِنْ : دراصل اِضْرِبِیْ تھا۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے تو اِضْرِبِیْنْ ہوگیا۔ یاء اور نون خفیفہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو ناجائز ہے لہٰذا یاء کو حذف کیا اور ماقبل کے کسرہ کو برقرار رکھا تاکہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو اِضْرِبِنْ ہوگیا۔

امر حاضر مجہول : لِتُضْرَبْ الخ کو تُضْرَبُ الخ سے بناتے ہیں سوائے متکلم کے صیغوں کے۔ لامِ امر جازمہ شروع میں لائے تو اُس نے آخر میں جزم دی۔ علامتِ جزمی کا ظہور ایک صیغہ میں حرکت کے گرنے اور چار صیغوں میں نون اعرابی کے گرنے سے ہُوا۔ ایک صیغہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہُوئی کیونکہ وہ مبنی ہے اور مبنی کا آخر مختلف عاملوں کے آنے سے تبدیل نہیں ہوتا تو لِتُضْرَبْ الخ ہوگیا۔

مؤکد بانون تاکید ثقیلہ : لِتُضْرَبَنَّ : دراصل لِتُضْرَبْ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے نون کا ماقبل مبنی بر فتحہ ہوا تو لِتُضْرَبَنَّ ہوگیا۔

لِتُضْرَبَانِّ : دراصل لِتُضْرَبَا تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے لِتُضْرَبَانَّ ہوگیا نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو لِتُضْرَبَانِّ ہوگیا۔

Marfat.com

لِتَضْرِبُنَّ : دراصل لِتَضْرِبُوْ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو لِتَضْرِبُوْنَّ ہوگیا۔ واؤ اور نون مدغمہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ جائز نہیں۔ لہٰذا واؤ کو حذف کیا اور ماقبل کے ضمہ کو برقرار رکھا تاکہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو لِتَضْرِبُنَّ ہوگیا۔

لِتُضْرَبِنَّ : دراصل لِتُضْرَبِیْ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو لِتُضْرَبِیْنَّ ہوگیا۔ یاء اور نون مدغمہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ جائز نہیں لہٰذا یاء کو حذف کیا اور ماقبل کے کسرہ کو برقرار رکھا تاکہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو لِتُضْرَبِنَّ ہوگیا۔

لِتُضْرَبَانِّ : دراصل لِتُضْرَبَا تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو لِتُضْرَبَانَّ ہوگیا۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو لِتُضْرَبَانِّ ہوگیا۔

لِتُضْرَبْنَانِّ : دراصل لِتُضْرَبْنَ تھا۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے لِتُضْرَبْنَنَّ ہوگیا۔ ایک ہی کلمہ میں تین زائدہ نونوں کا اجتماع ہوگیا جو کلامِ عرب میں پسندیدہ نہیں سمجھا جاتا لہٰذا نونِ جمع مؤنث اور نونِ تاکید کے درمیان الف فاصل لائے تو لِتُضْرَبْنَانَّ ہوگیا۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو لِتُضْرَبْنَانِّ ہوگیا

مؤکّد بانون تاکید خفیفہ

لِتُضْرَبَنْ : دراصل لِتُضْرَبْ تھا۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے۔ نون کا ماقبل مبنی بر فتحہ ہوا تو لِتُضْرَبَنْ ہوگیا۔

لِتُضْرَبُنْ : دراصل لِتُضْرَبُوْ تھا۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے لِتُضْرَبُوْنْ ہوگیا۔ واؤ اور نون خفیفہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ جائز نہیں لہٰذا واؤ کو حذف کر دیا اور ماقبل کے ضمہ برقرار رکھا تاکہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو لِتُضْرَبُنْ ہوگیا

Marfat.com

لَتَضْرِبِنْ : دراصل لِتَضْرِبِیْ تھا۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے تو لِتَضْرِبِیْنْ ہوگیا۔ یاء اور نون خفیفہ کے درمیان التقاء ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ جائز نہیں لہٰذا یاء کو حذف کرکے ماقبل کے کسرہ کو برقرار رکھا تاکہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو لِتَضْرِبِنْ ہوگیا۔

امرِ غائب معلوم ومجہول : لِیَضْرِبْ اور لِیُضْرَبْ الخ کو یَضْرِبُ اور یُضْرَبُ الخ سے بنانے ہیں سوائے مخاطب کے صیغوں کے۔ لامِ امر جازمہ شروع میں لائے تو اس نے آخر میں جزم دی۔ علامتِ جزمی کا چار ہاں صیغوں میں ... کے گرنے اور تین تین صیغوں میں نون اعرابی کے ... اب ایک صیغہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی کیونکہ وہ مبنی ہے کا آخر مختلف عاملوں کے آنے سے تبدیل نہیں ہوتا تو لِیَضْرِبْ اور لِیُضْرَبْ الخ ہوگیا۔

مؤکد بانونِ تاکید ثقیلہ : لِیَضْرِبَنَّ لِتَضْرِبَنَّ لِاَضْرِبَنَّ لِنَضْرِبَنَّ لِیُضْرَبَنَّ لِتُضْرَبَنَّ لِاُضْرَبَنَّ لِنُضْرَبَنَّ : دراصل لِیَضْرِبْ لِتَضْرِبْ لِاَضْرِبْ لِنَضْرِبْ لِیُضْرَبْ لِتُضْرَبْ لِاُضْرَبْ لِنُضْرَبْ تھے۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے۔ نون کا ماقبل مبنی بر فتحہ ہوا تو لِیَضْرِبَنَّ لِتَضْرِبَنَّ لِاَضْرِبَنَّ لِنَضْرِبَنَّ لِیُضْرَبَنَّ لِتُضْرَبَنَّ لِاُضْرَبَنَّ لِنُضْرَبَنَّ ہوگئے۔

لِیَضْرِبَانِّ لِتَضْرِبَانِّ لِیُضْرَبَانِّ لِتُضْرَبَانِّ : دراصل لِیَضْرِبَا لِتَضْرِبَا لِیُضْرَبَا لِتُضْرَبَا تھے۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو لِیَضْرِبَانَّ لِتَضْرِبَانَّ لِیُضْرَبَانَّ لِتُضْرَبَانَّ ہوگئے نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیونکہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو لِیَضْرِبَانِّ

Marfat.com

لِتَضْرِبَانِّ لِيُضْرَبَانِّ لِتُضْرَبَانِّ ہو گئے۔

لِيَضْرِبُنَّ لِيُضْرَبُنَّ : دراصل لِيَضْرِبُوْ لِيُضْرَبُوْ تھے۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو لِيَضْرِبُوْنَّ لِيُضْرَبُوْنَّ ہو گئے۔ واؤ اور نون مُدغمہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ جائز نہیں لہٰذا واؤ کو حذف کیا اور ماقبل کے ضمہ کو باقی رکھا تاکہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو لِيَضْرِبُنَّ لِيُضْرَبُنَّ ہو گئے۔

لِيَضْرِبْنَانِّ لِيُضْرَبْنَانِّ : دراصل لِيَضْرِبْنَ لِيُضْرَبْنَ تھے۔ نون تاکید ثقیلہ آخر میں لائے تو لِيَضْرِبْنَنَّ اور لِيُضْرَبْنَنَّ ہو گئے۔ ایک ہی کلمہ میں تین زائدہ نُونوں کا اجتماع لازم آیا جو کلام عرب میں پسندیدہ نہیں سمجھا جاتا لہٰذا نونِ جمع مؤنث اور نونِ تاکید کے درمیان الف فاصل لائے تو لِيَضْرِبْنَانَّ لِيُضْرَبْنَانَّ ہو گئے۔ نون کے فتحہ کو کسرہ سے بدلا کیوں کہ یہ نون الف زائدہ کے بعد واقع ہونے میں نونِ تثنیہ کے مشابہ ہے تو لِيَضْرِبْنَانِّ لِيُضْرَبْنَانِّ ہو گئے۔

مؤکد با نونِ تاکید خفیفہ : لِيَضْرِبَنْ لِتَضْرِبَنْ لِاَضْرِبَنْ لِنَضْرِبَنْ لِيُضْرَبَنْ لِتُضْرَبَنْ لِاُضْرَبَنْ لِنُضْرَبَنْ : دراصل لِيَضْرِبْ لِتَضْرِبْ لِاَضْرِبْ لِنَضْرِبْ لِيُضْرَبْ لِتُضْرَبْ لِاُضْرَبْ لِنُضْرَبْ تھے۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے۔ نون کا ماقبل مبنی بر فتحہ ہوا تو لِيَضْرِبَنْ لِتَضْرِبَنْ لِاَضْرِبَنْ لِنَضْرِبَنْ لِيُضْرَبَنْ لِتُضْرَبَنْ لِاُضْرَبَنْ لِنُضْرَبَنْ ہو گئے۔

لِيَضْرِبُنْ لِيُضْرَبُنْ : دراصل لِيَضْرِبُوْ لِيُضْرَبُوْ تھے۔ نون تاکید خفیفہ آخر میں لائے تو لِيَضْرِبُوْنْ لِيُضْرَبُوْنْ ہو گئے۔ واؤ اور نون خفیفہ کے درمیان التقاءِ ساکنین علیٰ غیر حدہٖ لازم آیا جو کہ جائز نہیں لہٰذا

Marfat.com

واؤ کو حذف کرکے ماقبل کے ضمہ کو برقرار رکھا تاکہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو لِیَضْرِبُنْ لِیُضْرَبُنْ ہو گئے۔

نہی حاضر معلوم ومجہول : لَا تَضْرِبْ لَا تُضْرَبْ الخ کو تَضْرِبُ تُضْرَبُ الخ سے بناتے ہیں سوائے متکلم کے صیغوں کے۔ لائے ناہیہ جازمہ شروع میں لائے تو اُس نے آخر میں جزم دی۔ علامتِ جزمی کا ظہور ایک ایک صیغہ میں حرکت کے گرنے اور چار چار صیغوں میں نونِ اعرابی کے گرنے سے ہوا۔ ایک ایک صیغہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی کیونکہ وہ مبنی ہے اور مبنی کا آخر مختلف عوامل کے آنے سے تبدیل نہیں ہوتا تو لَا تَضْرِبْ اور لَا تُضْرَبْ الخ ہوگیا۔

نہی غائب معلوم ومجہول : لَا یَضْرِبْ لَا یُضْرَبْ الخ کو یَضْرِبُ یُضْرَبُ الخ سے بناتے ہیں سوائے مخاطب کے۔ لامِ ناہیہ جازمہ شروع میں لائے تو اُس نے آخر میں جزم دی۔ علامتِ جزمی کا ظہور چار چار صیغوں میں حرکت کے گرنے سے اور تین تین صیغوں میں نونِ اعرابی کے گرنے سے ہوا ایک ایک صیغہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی کیونکہ وہ مبنی ہے اور مبنی کا آخر مختلف عاملوں کے آنے سے تبدیل نہیں ہوتا تو لَا یَضْرِبْ لَا یُضْرَبْ الخ ہوگیا۔ نہی کے نونِ ثقیلہ وخفیفہ والے صیغوں کو گزشتہ پر قیاس کر لیا جائے۔

اسمِ ظرف : مَضْرِبٌ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ علامتِ مضارع یار کو حذف کرکے اُس کی جگہ میم مفتوحہ علامتِ اسمِ ظرف لائے۔ فار اور عین کلمہ کو اپنے حال پہ چھوڑا۔ تنوینِ تمکن علامتِ اسمیت کو آخر میں لائے تو مَضْرِبٌ ہوگیا۔

Marfat.com

مَضْرِبَانِ مَضْرِبَیْنِ کو مَضْرِبٌ سے بناتے ہیں الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب و جَرمیں سمیت نون مکسورہ اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مَضْرِبَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مَضْرِبَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب وجَرمیں۔

مَضَارِبُ کو مَضْرِبٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو اپنے حال پر چھوڑا۔ ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصیٰ لائے۔ جو حرف الف علامتِ جمع اقصیٰ کے بعد آیا اُس کو اپنے حال پر چھوڑا۔ منع صرف کی وجہ سے تنوینِ تمکّن کو حذف کیا تو مَضَارِبُ ہوگیا۔

مُضَیْرِبٌ کو مَضْرِبٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمہ دیا۔ ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائے باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو مُضَیْرِبٌ ہوگیا۔

اسمِ آلہ : مِضْرَبٌ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ یاء علامتِ مضارع کو حذف کرکے اس کی جگہ میم مکسورہ علامتِ اسمِ آلہ لگائی۔ فاء کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑا۔ عین کلمہ کو فتحہ دیا اور تنوینِ تمکّن علامتِ اسمیت کو آخر میں لائے تو مِضْرَبٌ ہوگیا۔

مِضْرَبَانِ مِضْرَبَیْنِ کو مِضْرَبٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب وجر میں سمیت نون مکسورہ کے ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مِضْرَبَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مِضْرَبَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب وجر میں۔

Marfat.com

مَضَارِبُ کو مِضْرَبٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اول و ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصیٰ لائے۔ جو حرف الف علامتِ جمع اقصیٰ کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا۔ منع صرف کی وجہ سے تنوینِ تمکّن کو حذف کیا تو مَضَارِبُ ہوگیا۔

مُضَیْرِبٌ کو مِضْرَبٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمہ اور ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائے۔ جو حرف یاء کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا تو مُضَیْرِبٌ ہوگیا۔

مِضْرَبَةٌ کو مِضْرَبٌ سے بناتے ہیں۔ مِفْعَلَةٌ کے وزن کے لیے تاءِ متحرکہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے تو مِضْرَبَةٌ ہوگیا۔

مِضْرَبَتَانِ مِضْرَبَتَیْنِ کو مِضْرَبَةٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب وجر میں سمیت نون مکسورہ کے اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مِضْرَبَتَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مِضْرَبَتَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب وجر میں۔

مَضَارِبُ کو مِضْرَبَةٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل و ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصیٰ لائے اور جو حرف الف علامتِ جمع اقصیٰ کے بعد آیا اس کو کسرہ دیا۔ تاءِ وحدۃ کو ضدیت اور تنوینِ تمکّن کو منع صرف کی وجہ سے حذف کر دیا تو مَضَارِبُ ہوگیا۔

مُضَیْرِبَةٌ کو مِضْرَبَةٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمہ اور ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائے اور جو حرف یاءِ تصغیر کے بعد آیا اُسے کسرہ دیا باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو مُضَیْرِبَةٌ ہوگیا۔

مِضْرَابٌ کو مِضْرَبٌ سے بناتے ہیں۔ مِفْعَالٌ کے وزن کے لیے چوتھی جگہ الف لائے باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو مِضْرَابٌ ہوگیا۔

Marfat.com

مِضْرَابَانِ مِضْرَابَیْنِ کو مِضْرَابٌ سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب وجر میں سمیت نون مکسورہ اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں تھے آخر میں لائے تو مِضْرَابَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور مِضْرَابَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب وجر میں۔

مَضَارِیْبُ کو مِضْرَابٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل وثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصٰی لائے جو حرف الف علامتِ جمع اقصٰی کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا تو یہ ایسا نقش بن گیا جس کا تلفظ ممکن نہیں لہٰذا الف کو ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یاء سے بدلا اور منع صرف کی وجہ سے تنوینِ تمکّن کو حذف کیا تو مَضَارِیْبُ ہوگیا۔

مُضَیْرِیْبٌ کو مِضْرَابٌ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمہ اور ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائے۔ جو حرف یاءِ تصغیر کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا تو یہ ایک ایسا نقش بن گیا جس کا تلفظ ممکن نہیں۔ لہٰذا الف کو ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یاء سے بدلا تو مُضَیْرِیْبٌ ہوگیا۔

اسمِ تفضیل مذکر، اَضْرَبُ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ یاء علامتِ مضارع کو حذف کرکے اُس کی جگہ ہمزہ مفتوحہ علامتِ اسمِ تفضیل لائے۔ عین کلمہ کو فتحہ دیا۔ منع صرف کی وجہ سے تنوینِ تمکّن علامتِ اسمیت کو مقدّر (پوشیدہ) کیا تو اَضْرَبُ ہوگیا۔

اَضْرَبَانِ اَضْرَبَیْنِ کو اَضْرَبُ سے بناتے ہیں الف علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ ماقبل کے فتحہ کے ساتھ حالتِ نصب وجر میں سمیت نون مکسورہ اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں مقدّر تھے آخر میں لائے تو اَضْرَبَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور اَضْرَبَیْنِ ہوگیا حالتِ نصب وجر میں۔

Marfat.com

اَضْرَبُوْنَ اَضْرَبِيْنَ کو اَضْرَبُ سے بناتے ہیں۔ واؤ علامتِ جمع مذکر سالم ماقبل کے ضمہ کے ساتھ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ جمع مذکر سالم ماقبل کے کسرہ کے ساتھ حالتِ نصب و جر میں سمیت نون مفتوحہ اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں مقدر تھے آخر میں لائے تو اَضْرَبُوْنَ ہوگیا حالتِ رفع میں اور اَضْرَبِيْنَ ہوگیا حالتِ نصب و جر میں۔

اَضَارِبُ کو اَضْرَبُ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو اپنے حال پر چھوڑا۔ ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامتِ جمع اقصیٰ لائے۔ جو حرف الف علامتِ جمع اقصیٰ کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا اور باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو اَضَارِبُ ہوگیا۔

اُضَيْرِبٌ کو اَضْرَبُ سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو ضمہ اور ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یاء علامتِ تصغیر لائے۔ جو حرف یاء تصغیر کے بعد آیا اُس کو کسرہ دیا اور تنوینِ مقدرہ کو ظاہر کیا جو اَضْرَبُ میں مقدر تھی تو اُضَيْرِبٌ ہوگیا۔

اسمِ تفضیل مؤنث : ضُرْبٰی کو اَضْرَبُ سے بناتے ہیں۔ ہمزہ کو حذف کیا۔ فاء کلمہ کو ضمہ دیا۔ عین کلمہ کو ساکن کیا۔ الفِ مقصورہ علامتِ تانیث ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے تو ضُرْبٰی ہوگیا۔

ضُرْبَیَانِ ضُرْبَیَيْنِ کو ضُرْبٰی سے بناتے ہیں۔ الف علامتِ تثنیہ حالتِ رفع میں اور یاء علامتِ تثنیہ حالتِ نصب و جر میں سمیت نون مکسورہ اُس ضمہ، تنوین یا دونوں کے عوض جو واحد میں مقدر تھے آخر میں لائے۔ الفِ مقصورہ کو یاء مفتوحہ سے بدلا تو ضُرْبَیَانِ ہوگیا حالتِ رفع میں اور ضُرْبَیَيْنِ ہوگیا حالتِ نصب و جر میں۔

Marfat.com

ضُرَیبَاتٌ کو ضُرْبٰی سے بناتے ہیں۔ الف تار علامتِ جمع مؤنث سالم سمیت تنوینِ مقابلہ کے آخر میں لائے۔ الفِ مقصورہ کو یارِ مفتوحہ سے بدلا۔ اعراب کو تار پر جاری کیا کیونکہ وسطِ کلمہ میں اعراب کو جاری کرنا جائز نہیں تو ضُرَیبَاتٌ ہوگیا۔

ضُرَبٌ کو ضُرْبٰی سے بناتے ہیں۔ حرفِ اول کو اپنے حال پر چھوڑا۔ ثانی کو فتحہ دیا۔ الفِ مقصورہ کو حذف کیا۔ تنوینِ مقدرہ کو ظاہر کر دیا تو ضُرَبٌ ہوگیا۔

ضُرَیبٰی کو ضُرْبٰی سے بناتے ہیں۔ حرفِ اوّل کو اپنے حال پر چھوڑا، ثانی کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ یار علامتِ تصغیر لائے باقی کو اپنے حال پر چھوڑا تو ضُرَیبٰی ہوگیا۔

فعلِ تعجب، مَا اَضْرَبَہٗ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ علامتِ مضارع یار کو حذف کر کے اُس کی جگہ مَا تعجبیہ اور ہمزہ مفتوحہ لائے۔ عین کلمہ کو فتحہ دیا۔ ضمیرِ منصوب متصل ماقبل کے فتحہ کے ساتھ آخر میں لائے تو مَا اَضْرَبَہٗ ہوگیا۔

اَضْرِبِّہٖ کو یَضْرِبُ بناتے ہیں۔ علامتِ مضارع یار کو حذف کر کے اس کی جگہ ہمزہ مفتوحہ لائے۔ فار اور عین کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑا۔ لام کلمہ کو ساکن کیا اور ضمیرِ مجرور متصل سمیت بار جارہ کے آخر میں لائے تو اَضْرِبْ بِہٖ ہوگیا۔ دو حرف ایک جنس کے اکٹھے ہو گئے جن میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے لہٰذا پہلے کا دوسرے میں ادغام کیا تو اَضْرِبِّہٖ ہوگیا۔

ضَرُبَ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ علامتِ مضارع یار کو حذف کیا۔ فار کلمہ کو فتحہ اور عین کلمہ کو ضمہ دیا۔ لام کلمہ کو مبنی بر فتحہ کیا تو ضَرُبَ ہوگیا۔

Marfat.com

بابِ سوم

ابواب کی تفصیل

فعل کی دو قسمیں ہیں، ثلاثی اور رباعی۔ پھر ان میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں، مجرد اور مزید فیہ۔ اس طرح کُل چار قسمیں ہوگئیں،

(۱) ثلاثی مجرد

(۲) ثلاثی مزید فیہ

(۳) رباعی مجرد

(۴) رباعی مزید فیہ

ان چاروں کی تعریفیں اور مثالیں شش اقسام کے ضمن میں گزر چکی ہیں۔ اب ان اقسامِ اربعہ میں سے ہر ایک قسم کے تحت آنے والے بابوں کی تفصیل ذکر کی جاتی ہے۔

فصلِ اوّل: ثلاثی مجرد کے بیان میں۔

ثلاثی مجرد کی دو قسمیں ہیں،

(۱) مُطّرِد (کثیر الاستعمال) ۔ اس کے پانچ باب ہیں۔

(۲) شاذ (قلیل الاستعمال) اس کے تین باب ہیں۔

فائدہ: باب ضَرَبَ یَضْرِبُ کی مکمل صَرفِ صغیر و صَرفِ کبیر چونکہ بابِ اوّل

Marfat.com

میں گزر چکی ہے لہٰذا باقی ابواب کی گردانوں کو اُسی پر قیاس کر لیا جائے، یہاں صرف ماضی معروف و مجہول، مضارع معروف و مجہول اور اسم فاعل و مفعول کا ایک ایک صیغہ لکھا جائے گا۔

مطرد کے پانچ باب :

بابِ اوّل : ضَرَبَ یَضْرِبُ بروزنِ فَعَلَ یَفْعِلُ جیسے اَلضَّرْبُ (مارنا) ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا فَھُوَ ضَارِبٌ وَضُرِبَ یُضْرَبُ ضَرْبًا فَذَاكَ مَضْرُوْبٌ۔

بابِ دوم : نَصَرَ یَنْصُرُ بروزنِ فَعَلَ یَفْعُلُ جیسے اَلنَّصْرُ (مدد کرنا) نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْرًا فَھُوَ نَاصِرٌ وَ نُصِرَ یُنْصَرُ نَصْرًا فَذَاكَ مَنْصُوْرٌ۔

بابِ سوم : سَمِعَ یَسْمَعُ بروزنِ فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے اَلسَّمْعُ وَ السَّمَاعَةُ (سُننا) سَمِعَ یَسْمَعُ سَمْعًا فَھُوَ سَامِعٌ وَ سُمِعَ یُسْمَعُ سَمْعًا فَذَاكَ مَسْمُوْعٌ۔

فائدہ : ان تینوں بابوں کو اُمّ الابواب اور اصول الابواب کہا جاتا ہے، اس لیے کہ ان میں ماضی و مضارع کے عین کلمہ کی حرکتیں مختلف ہوتی ہیں نیز یہ ابواب باقی ابواب کی بنسبت کثیر الاستعمال ہیں۔

بابِ چہارم : فَتَحَ یَفْتَحُ بروزنِ فَعَلَ یَفْعَلُ جیسے اَلْفَتْحُ (کھولنا) فَتَحَ یَفْتَحُ فَتْحًا فھو فَاتِحٌ وَ فُتِحَ یُفْتَحُ فَتْحًا فَذَاكَ مَفْتُوْحٌ۔

بابِ پنجم : کَرُمَ یَکْرُمُ بروزنِ فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے اَلْکَرْمُ وَ الْکَرَامَةُ (عزت والا ہونا) کَرُمَ یَکْرُمُ کَرْمًا وکَرَامَةً

Marfat.com

فھو کَرِیْمٌ (یہ فعل لازم ہے)

فائدہ: فعل کی دو قسمیں ہیں:

(۱) لازم

(۲) متعدی

لازم وہ فعل جو صرف فاعل پر پورا ہو جائے اور مفعول بہ کا تقاضا نہ کرے، جیسے ذَھَبَ زَیْدٌ (زید گیا)۔

متعدی وہ فعل جو صرف فاعل پر پورا نہ ہو بلکہ مفعول بہ کا تقاضا بھی کرے، جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ خَالِدًا (زید نے خالد کو مارا)

فعل لازم سے نہ تو مجہول کے صیغے آتے ہیں اور نہ ہی مفعول آتا ہے البتہ اگر مجہول و مفعول لانا ہی ہو تو حرفِ جار کے واسطہ سے لایا جاتا ہے، جیسے: کُرِمَ بِہٖ یُکْرَمُ بِہٖ مَکْرُوْمٌ بِہٖ۔

شاذ کے تین باب:

بابِ اوّل: حَسِبَ یَحْسِبُ بروزنِ فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے اَلْحَسْبُ وَ الْحُسْبَانُ (گمان کرنا) حَسِبَ یَحْسِبُ حَسْبًا وَحُسْبَانًا فَھُوَ حَاسِبٌ وَ حُسِبَ یُحْسَبُ حَسْبًا وَحُسْبَانًا فذاک مَحْسُوْبٌ۔

بابِ دوم: فَضِلَ یَفْضُلُ بروزنِ فَعِلَ یَفْعُلُ جیسے اَلْفَضْلُ (بڑھنا، غلبہ کرنا) فَضِلَ یَفْضُلُ فَضْلًا فھو فَاضِلٌ وَ فُضِلَ یُفْضَلُ فَضْلًا فذاک مَفْضُوْلٌ۔

بابِ سوم: کَادَ یَکَادُ بروزنِ فَعُلَ یَفْعَلُ جیسے اَلْکَوْدُ وَ الْکَیْدُ وُدَۃٌ (نزدیک ہونا، ارادہ کرنا) کَادَ یَکَادُ کَوْدًا وَکَیْدُوْدَۃً فھو کَائِدٌ

Marfat.com

وَكِيْدَ يُكَادُ كَوْدًا وَكَيْدُوْدَةً فَذاكَ مَكُوْدٌ۔

نوٹ: چونکہ باب کَادَ یَکَادُ طلباء میں مشکل سمجھا جاتا ہے لہٰذا اس کی مکمل صرفِ صغیر و صرفِ کبیر مع تعلیلات بابِ چہارم میں آرہی ہے، وہاں سے یاد کرلیں۔

فصلِ دوم: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی کے بیان میں۔

فائدہ: ثلاثی مزید فیہ کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی

(۲) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی

ملحق برباعی کا سمجھنا چونکہ رباعی پر موقوف ہے لہٰذا اس کو رباعی کے بعد بیان کیا جائے گا۔ باقی رہا غیر ملحق تو اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) باہمزۂ وصل۔ اس کے نو باب ہیں۔

(ii) بے ہمزۂ وصل: اس کے پانچ باب ہیں۔

ابوابِ ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزۂ وصل:

اوّل: اِفْتِعَال جیسے اِجْتِنَابٌ (پرہیز کرنا) اس کی نشانی یہ ہے کہ فاء کلمہ کے بعد تاء زائد ہوتی ہے اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ اِجْتِنَابًا فهو مُجْتَنِبٌ واُجْتُنِبَ يُجْتَنَبُ اِجْتِنَابًا فذاك مُجْتَنَبٌ لَمْ يَجْتَنِبْ لَمْ يُجْتَنَبْ لَا يَجْتَنِبُ لَا يُجْتَنَبُ لَنْ يَجْتَنِبَ لَنْ يُجْتَنَبَ الامر منه اِجْتَنِبْ لِتُجْتَنَبْ لِيَجْتَنِبْ لِيُجْتَنَبْ والنهي عنه لَا تَجْتَنِبْ لَا تُجْتَنَبْ لَا يَجْتَنِبْ لَا يُجْتَنَبْ الظرف منه مُجْتَنَبٌ مُجْتَنَبَانِ مُجْتَنَبَاتٌ۔

نوٹ: اس باب کی صرفِ صغیر مکمل تحریر کردی گئی ہے باقی ابواب کو اسی پر

Marfat.com

قیاس کرلیں۔

فائدہ: غیر ثلاثی مجرد کے تمام ابواب میں اسمِ ظرف اسمِ مفعول کے وزن پر ہوتا ہے نیز ان ابواب میں اسمِ آلہ اور اسمِ تفضیل نہیں آتے۔ اسی لیے صرفِ صغیر میں ان کا ذکر نہیں کیا گیا۔ تاہم ان بابوں میں مصدر کے شروع میں مابِہٖ لگا کر آلہ اور مصدر منصوب سے پہلے اَشَدُّ لگا کر تفضیل کا معنیٰ حاصل کیا جا سکتا ہے جیسے مَابِهِ الْاِجْتِنَابُ اور اَشَدُّ اِجْتِنَابًا۔ یہی صورت ثلاثی مجرد کے اُن بابوں کی ہے جو لون وعیب کے معنیٰ میں ہوں کیونکہ اُن سے بھی اسمِ آلہ اور اسمِ تفضیل نہیں آتے۔

دوم: اِسْتِفْعَالٌ جیسے اِسْتِنْصَارٌ (مدد طلب کرنا) اس میں فاء کلمہ سے پہلے سین و تاء زائد ہوتی ہے اِسْتَنْصَرَ يَسْتَنْصِرُ اِسْتِنْصَارًا فهو مُسْتَنْصِرٌ و اُسْتُنْصِرَ يُسْتَنْصَرُ اِسْتِنْصَارًا فذاك مُسْتَنْصَرٌ۔

سوم: اِنْفِعَالٌ جیسے اِنْفِطَارٌ (پھٹ جانا) اس میں فاء کلمہ سے پہلے نون زائد ہوتا ہے اِنْفَطَرَ يَنْفَطِرُ اِنْفِطَارًا فهو مُنْفَطِرٌ (لازم)۔

چہارم: اِفْعِلَالٌ جیسے اِحْمِرَارٌ (سرخ ہونا) اس میں تکرارِ لام اور ہمزۂ وصل کے بعد ماضی میں چار حرف ہوتے ہیں اِحْمَرَّ يَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فهو مُحْمَرٌّ (لازم)

فائدہ: جس باب کا لام کلمہ مشدّد ہو وہاں امر اور مضارع مجزوم میں تین طرح سے پڑھنا جائز ہے بغیر ادغام کے، ادغام کے ساتھ، پھر ادغام کی صورت میں فتحہ کے ساتھ اور کسرہ کے ساتھ۔ جیسے اِحْمَرَّ اِحْمَرِّ اِحْمَرِرْ لَمْ يَحْمَرَّ لَمْ يَحْمَرِّ لَمْ يَحْمَرِرْ۔ اگر حرفِ مشدّد کا ماقبل مضموم ہو تو اس مشدّد پر ضمہ بھی جائز ہے جیسے لَمْ يَمُدُّ۔

Marfat.com

پنجم : اِفْعِیْلَالٌ جیسے اِدْهِیْمَامٌ (سخت سیاہ ہونا) اس میں تکرارِ لام اور لامِ اوّل سے پہلے الف زائد ہوتا ہے جو مصدر میں ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یار ہو جاتا ہے اِدْھَامَّ یَدْھَامُّ اِدْھِیْمَامًا فھو مُدْھَامٌّ (لازم)

ششم : اِفْعِیْعَالٌ جیسے اِخْشِیْشَانٌ (سخت کھردرا ہونا) اس میں تکرارِ عین اور دو عینوں کے درمیان واؤ زائد ہوتی ہے جو مصدر میں ماقبل کے کسرہ کی وجہ سے یار ہو جاتی ہے اِخْشَوْشَنَ یَخْشَوْشِنُ اِخْشِیْشَانًا فھو مُخْشَوْشِنٌ (لازم)

ہفتم : اِفْعِوَّالٌ جیسے اِجْلِوَّاذٌ (اونٹ کا دوڑنا) اس میں عین کلمہ کے بعد واؤ مشدّد زائد ہوتی ہے اِجْلَوَّذَ یَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فھو مُجْلَوِّذٌ (لازم)

ہشتم : اِفَّعُّلٌ جیسے اِطَّھُّرٌ (پاک ہونا) اس میں فار و عین مشدّد ہوتے ہیں اِطَّھَّرَ یَطَّھَّرُ اِطَّھُّرًا فھو مُطَّھِّرٌ (لازم)

نہم : اِفَّاعُلٌ جیسے اِثَّاقُلٌ (بھاری ہونا، بھاری بنانا) اس میں فار مشدّد اور فار کے بعد الف زائد ہوتا ہے اِثَّاقَلَ یَثَّاقَلُ اِثَّاقُلًا فھو مُتَّاقِلٌ وَ اُثُّوْقِلَ یُثَّاقَلُ اِثَّاقُلًا فذاك مُثَّاقَلٌ۔

فائدہ : یہ دونوں باب دراصل بے ہمزۂ وصل کے باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ ہی ہیں یعنی اِطَّھُّرٌ دراصل تَطَھُّرٌ اور اِثَّاقُلٌ دراصل تَثَاقُلٌ تھے تار کو فار کلمہ کی جنس کیا پھر تار کا اُس میں ادغام کیا اور ابتداء بالساکن سے بچنے کے لیے شروع میں ہمزہ وصل بڑھا دیا تو اِطَّھُّرٌ اور اِثَّاقُلٌ ہو گیا۔

ابوابِ ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل :

اوّل : اِفْعَالٌ جیسے اِکْرَامٌ (عزّت کرنا) اس میں ماضی و امر کے شروع

Marfat.com

میں ہمزہ قطعی ہوتا ہے اور علامتِ مضارع، معروف میں بھی مضموم ہوتی ہے اَکْرَمَ يُكْرِمُ إِكْرَامًا فهو مُكْرِمٌ وَاُكْرِمَ يُكْرَمُ إِكْرَامًا فذاك مُكْرَمٌ لَمْ يُكْرِمْ لَمْ يُكْرَمْ لَا يُكْرِمُ لَا يُكْرَمُ لَنْ يُكْرِمَ لَنْ يُكْرَمَ الامر منه أَكْرِمْ لِتُكْرَمْ لِيُكْرِمْ لِيُكْرَمْ والنهى عنه لَا تُكْرِمْ لَا تُكْرَمْ لَا يُكْرِمْ لَا يُكْرَمْ الظرف منه مُكْرَمٌ مُكْرَمَانِ مُكْرَمَاتٌ۔

فائدہ: جس باب کی ماضی میں چار حرف ہوں سارے اصلی ہوں یا کچھ زائد اس کے مضارع معروف میں بھی علامتِ مضارع مضموم ہوتی ہے۔

دوم: تَفْعِيلٌ جیسے تَصْرِيفٌ (پھیرنا) اس میں عین کلمہ مشدد اور ماضی میں فاء سے پہلے تاء زائد نہیں ہوتی صَرَّفَ يُصَرِّفُ تَصْرِيفًا فهو مُصَرِّفٌ وَصُرِّفَ يُصَرَّفُ تَصْرِيفًا فذاك مُصَرَّفٌ۔

سوم: مُفَاعَلَةٌ جیسے مُقَاتَلَةٌ (آپس میں جنگ کرنا) اس میں فاء کے بعد الف زائد ہوتا ہے اور فاء سے پہلے تاء نہیں ہوتی۔ قَاتَلَ يُقَاتِلُ مُقَاتَلَةً فهو مُقَاتِلٌ وَقُوتِلَ يُقَاتَلُ مُقَاتَلَةً فذاك مُقَاتَلٌ۔

چہارم: تَفَعُّلٌ جیسے تَقَبُّلٌ (قبول کرنا) اس میں عین کلمہ مشدد اور فاء سے پہلے تاء زائد ہوتی ہے تَقَبَّلَ يَتَقَبَّلُ تَقَبُّلًا فهو مُتَقَبِّلٌ و تُقُبِّلَ يُتَقَبَّلُ تَقَبُّلًا فذاك مُتَقَبَّلٌ۔

پنجم: تَفَاعُلٌ جیسے تَقَابُلٌ (ایک دوسرے کے مقابل ہونا) اس میں فاء کے بعد الف اور فاء سے پہلے تاء زائد ہوتی ہے تَقَابَلَ يَتَقَابَلُ تَقَابُلًا فهو مُتَقَابِلٌ وتُقُوبِلَ يُتَقَابَلُ تَقَابُلًا فذاك مُتَقَابَلٌ۔

فائدہ: جن ابواب میں مضارع کے شروع میں دو مفتوح تائیں جمع ہو جائیں ان میں سے ایک کو حذف کرنا جائز ہے جیسے تَتَقَبَّلُ کو تَقَبَّلُ اور

Marfat.com

تَتَظَاهَرُوْنَ کو تَظَاهَرُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

فصلِ سوم : رباعی کے بیان میں۔

رباعی کی دو قسمیں ہیں :

(۱) مجرد (۲) مزید فیہ

مجرد کا ایک باب ہے ، مزید فیہ کی پھر دو قسمیں ہیں :

(i) بے ہمزہ وصل (ii) باہمزہ وصل

بے ہمزہ وصل کا ایک باب ہے اور باہمزہ وصل کے دو باب ہیں، تو اس طرح رُباعی کے کُل چار باب ہوئے۔

رُباعی مجرد : فَعْلَلَةٌ جیسے بَعْثَرَةٌ (بکھیرنا) ۔ اس میں چار حروف اصلی ہوتے ہیں ۔ بَعْثَرَ يُبَعْثِرُ بَعْثَرَةً فهو مُبَعْثِرٌ و بُعْثِرَ يُبَعْثَرُ بَعْثَرَةً فذاك مُبَعْثَرٌ لَمْ يُبَعْثِرْ لَمْ يُبَعْثَرْ لَا يُبَعْثِرُ لَا يُبَعْثَرُ لَنْ يُبَعْثِرَ لَنْ يُبَعْثَرَ الامر منه بَعْثِرْ لِتُبَعْثَرْ لِيُبَعْثِرْ لِيُبَعْثَرْ والنهى عنه لَا تُبَعْثِرْ لَا تُبَعْثَرْ لَا يُبَعْثِرْ لَا يُبَعْثَرْ الظرف منه مُبَعْثَرٌ مُبَعْثَرَانِ مُبَعْثَرَاتٌ

رباعی مزید فیہ بے ہمزہ وصل : تَفَعْلُلٌ جیسے تَدَحْرُجٌ (لڑھکنا)۔ اس میں چار حرف اصلی ہوتے ہیں اور فاء سے پہلے تاء زائد ہوتی ہے۔ تَدَحْرَجَ يَتَدَحْرَجُ تَدَحْرُجًا فهو مُتَدَحْرِجٌ (لازم)

رباعی مزید فیہ باہمزہ وصل (باب اول) : اِفْعِلَّالٌ جیسے اِقْشِعْرَارٌ (رونگٹے کھڑے ہو جانا) اس میں چار حروفِ اصلیہ پر ایک لام کا اضافہ ہوتا ہے اور لامِ ثانی مشدّد ہوتا ہے ۔ اِقْشَعَرَّ يَقْشَعِرُّ اِقْشِعْرَارًا فهو مُقْشَعِرٌّ الامر منه اِقْشَعِرَّ اِقْشَعِرِّ اِقْشَعْرِرْ والنهى عنه لَا تَقْشَعِرَّ لَا تَقْشَعِرِّ لَا تَقْشَعْرِرْ الظرف منه مُقْشَعَرٌّ

Marfat.com

مُقْشَعَرَّانِ مُقْشَعَرَّاتٌ (لازم)۔

بابِ دوم: اِفْعِنْلَالٌ جیسے اِحْرِنْجَامٌ (اکٹھا ہونا) اس میں چار حروفِ اصلیہ ہوتے ہیں اور عین کے بعد نون زائد ہوتا ہے۔ اِحْرَنْجَمَ یَحْرَنْجِمُ اِحْرِنْجَامًا فھو مُحْرَنْجِمٌ۔ (لازم)

فصلِ چہارم: ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی کے بیان میں۔

ملحق اس ثلاثی کو کہتے ہیں جو کسی حرف کی زیادتی کی وجہ سے رباعی کے وزن پر ہو جائے اور جس رباعی کے وزن پر ہوگا اس کو ملحق بہ کہا جاتا ہے۔

ملحق کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ملحق برباعی مجرد

(۲) ملحق برباعی مزید فیہ۔

ملحق برباعی مجرد کے سات باب ہیں:

اوّل: فَعْلَلَةٌ جیسے جَلْبَبَةٌ (چادر اُڑھانا) اس میں ایک لام زائد ہے جَلْبَبَ یُجَلْبِبُ جَلْبَبَةً فھو مُجَلْبِبٌ و جُلْبِبَ یُجَلْبَبُ جَلْبَبَةً فذاك مُجَلْبَبٌ۔

دوم: فَعْوَلَةٌ جیسے سَرْوَلَةٌ (شلوار پہنانا) اس میں عین کے بعد واو زائد ہے۔ سَرْوَلَ یُسَرْوِلُ سَرْوَلَةً فھو مُسَرْوِلٌ و سُرْوِلَ یُسَرْوَلُ سَرْوَلَةً فذاك مُسَرْوَلٌ۔

سوم: فَیْعَلَةٌ جیسے صَیْطَرَةٌ (مقرر ہونا) اس میں فاء کے بعد یاء زائد ہے۔ صَیْطَرَ یُصَیْطِرُ صَیْطَرَةً فھو مُصَیْطِرٌ۔

چہارم: فَعْیَلَةٌ جیسے شَرْیَفَةٌ (غیر ضروری شاخیں اور پتے کاٹنا) اس میں عین کے بعد یاء زائد ہے شَرْیَفَ یُشَرْیِفُ شَرْیَفَةً فھو

Marfat.com

شَرِيفٌ وَشُرْيِفَ يُشَرْيَفُ شَرْيَفَةً فذاك مُشَرْيَفٌ۔

پنجم: فَوْعَلَةٌ جیسے جَوْرَبَةٌ (جراب پہنانا) اس میں فاء کے بعد واؤ زائد ہے۔ جَوْرَبَ يُجَوْرِبُ جَوْرَبَةً فهو مُجَوْرِبٌ وجُوْرِبَ يُجَوْرَبُ جَوْرَبَةً فذاك مُجَوْرَبٌ۔

ششم: فَعْنَلَةٌ جیسے قَلْنَسَةٌ (ٹوپی پہنانا) اس میں عین کے بعد نون زائد ہے۔ قَلْنَسَ يُقَلْنِسُ قَلْنَسَةً فهو مُقَلْنِسٌ وقُلْنِسَ يُقَلْنَسُ قَلْنَسَةً فذاك مُقَلْنَسٌ۔

ہفتم: فَعْلَاةٌ جیسے قَلْسَاةٌ (ٹوپی پہنانا) اس میں لام کے بعد یاء زائد ہے۔ قَلْسَى يُقَلْسِي قَلْسَاةً فهو مُقَلْسٍ وقُلْسِيَ يُقَلْسَى قَلْسَاةً فذاك مُقَلْسًى الامر منه قَلْسِ والنهي عنه لَا تُقَلْسِ الظرف منه مُقَلْسًى مُقَلْسَيَانِ مُقَلْسَيَاتٌ۔

فائدہ: قَلْسَى در اصل قَلْسَيَ، قَلْسَاةٌ در اصل قَلْسَيَةٌ، يُقَلْسَى در اصل يُقَلْسَيُ اور مُقَلْسًى در اصل مُقَلْسَيٌ تھے۔ یاء متحرک ما قبل مفتوح ہے لہذا یاء کو الف سے بدل دیا۔ پھر آخر الذکر میں التقاء ساکنین کی وجہ سے یاء کو حذف کر دیا تو قَلْسَى، قَلْسَاةٌ، يُقَلْسَى اور مُقَلْسًى ہو گئے۔ يُقَلْسِي در اصل يُقَلْسِيُ اور مُقَلْسٍ در اصل مُقَلْسِيٌ تھے۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اُسے گرا دیا اور آخر الذکر میں التقاء ساکنین کی وجہ سے یاء بھی گر گئی تو يُقَلْسِي اور مُقَلْسٍ ہو گئے۔

نوٹ: اس باب کی مفصل گردانیں باب چہارم میں ذکر کر دی گئی ہیں وہاں سے یاد کر لیں۔

Marfat.com

ملحق برباعی مزید فیہ کی تین قسمیں ہیں : (۱) ملحق بِتَدَحْرَجَ ۔
(۲) ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ ۔ (۳) ملحق بہ اِقْشَعَرَّ ۔

ملحق بتَدَحْرَجَ کے آٹھ باب ہیں :

اوّل : تَفَعْلُلٌ جیسے تَجَلْبُبٌ (چادر اوڑھنا) اس میں فا سے پہلے تا
اور آخر میں ایک لام زائد ہے۔ تَجَلْبَبَ یَتَجَلْبَبُ تَجَلْبُبًا فھو مُتَجَلْبِبٌ (لا
دوم : تَفَعْوُلٌ جیسے تَسَرْوُلٌ (شلوار پہننا) اس میں فا سے پہلے تا اور عین
کے بعد واو زائد ہے۔ تَسَرْوَلَ یَتَسَرْوَلُ تَسَرْوُلاً فھو مُتَسَرْوِلٌ (لازم)
سوم : تَفَیْعُلٌ جیسے تَشَیْطُنٌ (شیطان ہونا) اس میں فا سے پہلے تا
اور فا کے بعد یا زائد ہے۔ تَشَیْطَنَ یَتَشَیْطَنُ تَشَیْطُنًا فھو
مُتَشَیْطِنٌ (لازم)
چہارم : تَفَوْعُلٌ جیسے تَجَوْرُبٌ (جراب پہننا) اس میں فا سے پہلے
تا اور فا کے بعد واو زائد ہے۔ تَجَوْرَبَ یَتَجَوْرَبُ تَجَوْرُبً
فھو مُتَجَوْرِبٌ (لازم)
پنجم : تَفَعْنُلٌ جیسے تَقَلْنُسٌ (ٹوپی پہننا) اس میں فا سے پہلے تا او
عین کے بعد نون زائد ہے۔ تَقَلْنَسَ یَتَقَلْنَسُ تَقَلْنُسًا فھو
مُتَقَلْنِسٌ (لازم)
ششم : تَمَفْعُلٌ جیسے تَمَسْکُنٌ (مسکین ہونا) اس میں فا سے
پہلے تا اور میم زائد ہیں۔ تَمَسْکَنَ یَتَمَسْکَنُ تَمَسْکُنًا فھو مُتَمَسْکِنٌ (لاز
ہفتم : تَفَعْلُتٌ جیسے تَعَفْرُتٌ (خبیث ہونا) اس میں فا سے پہلے او
لام کے بعد تا زائد ہے تَعَفْرَتَ یَتَعَفْرَتُ تَعَفْرُتًا فھو مُتَعَفْرِتٌ (لازم
ہشتم : تَفَعْلٍ جیسے تَقَلْسٍ (ٹوپی پہننا) ۔ اس میں فا سے پہلے تا او

Marfat.com

لام کے بعد یار زائد ہے۔ تَقَلْسٰی یَتَقَلْسٰی تَقَلْسِیًا فھو مُتَقَلْسٍ الامر منه تَقَلْسَ والنھی عنه لَا تَتَقَلْسَ والظرف منه مُتَقَلْسًی مُتَقَلْسَیَانِ مُتَقَلْسَیَاتٌ (لازم)

فائدہ: اس باب کا مصدر تَقَلْسٍ دراصل تَقَلْسُیٌ تھا۔ یار پر ضمہ ثقیل تھا اُسے حذف کیا۔ ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدلا تو یار اور نون تنوین کے درمیان التقاء ساکنین ہوا لہٰذا یار کو حذف کر دیا تَقَلْسٍ ہوگیا۔ باقی صیغوں کو قَلْسٰی یُقَلْسِیْ پر قیاس کرلیں۔

ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے دو باب ہیں:

اوّل: اِفْعِنْلَالٌ جیسے اِقْعِنْسَاسٌ (سینے کا نکلنا اور پیٹھ کا دھنسنا) اس میں شروع میں ہمزہ وصل، عین کے بعد نون اور آخر میں ایک لام زائد ہے۔
اِقْعَنْسَسَ یَقْعَنْسِسُ اِقْعِنْسَاسًا فھو مُقْعَنْسِسٌ (لازم)

دوم: اِفْعِنْلَاءٌ جیسے اِسْلِنْقَاءٌ (لیٹنے کے بل لیٹنا) اس میں شروع میں ہمزہ وصل، عین کے بعد نون اور لام کے بعد یار زائد ہے۔ اِسْلَنْقٰی یَسْلَنْقِیْ اِسْلِنْقَاءً فھو مُسْلَنْقٍ الامر منه اِسْلَنْقِ والنھی عنه لَا تَسْلَنْقِ والظرف منه مُسْلَنْقًی مُسْلَنْقَیَانِ مُسْلَنْقَیَاتٌ (لازم)

فائدہ: اس باب کا مصدر اِسْلِنْقَاءٌ دراصل اِسْلِنْقَایٌ تھا۔ یار الف کے بعد طرف میں واقع ہوئی اُسے ہمزہ سے بدل دیا تو اِسْلِنْقَاءٌ ہوگیا۔ باقی صیغوں کو قَلْسٰی یُقَلْسِیْ پر قیاس کرلیں۔

ملحق بہ اِقْشَعَرَّ کا ایک باب ہے۔

اِفْوِعْلَالٌ جیسے اِکْوِھْدَادٌ (کوشش کرنا) اس میں شروع میں ہمزہ وصل، فار کے بعد واؤ اور آخر میں ایک لام زائد ہے۔ اِکْوَھَدَّ

Marfat.com

يَكْوَهِدُّ اِكْوِهْدَادًا فهو مُكْوَهِدٌّ الامرمنه اِكْوَهِدَّ اِكْوَهِدِّ اِكْوَهْدِدْ والنهى عنه لَا تَكْوَهِدَّ لَا تَكْوَهِدِّ لَا تَكْوَهْدِدْ وَ الظرف منه مُكْوَهَدٌّ مُكْوَهَدَّانِ مُكْوَهَدَّاتٌ۔

خلاصہ: تفصیلِ مذکور کے مطابق ابواب کی کل تعداد چوالیس[۴۴] ہے۔ یعنی ثلاثی مجردِ مطرد کے پانچ اور شاذ کے تین، ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزۂ وصل کے نو[۹] اور بے ہمزۂ وصل کے پانچ[۵]، ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد کے سات، ملحق بَتَدَحْرَجَ کے آٹھ، ملحق بہ اِحْرَنْجَمَ کے دو[۲]، ملحق بہ اِقْشَعَرَّ کا ایک[۱]، رباعی مجرد کا ایک[۱]، رباعی مزید فیہ بے ہمزۂ وصل کا ایک[۱] اور باہمزۂ وصل کے دو[۲] باب ہیں۔

Marfat.com

نقشۂ ابواب



Marfat.com

باب چہارم

مشکل ابواب کی گردانیں مع مختصر تعلیلات

صرفِ صغیر ثلاثی مجرد اجوفِ واوی از باب فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے کَادَ یَکَادُ

کَادَ یَکَادُ کَوْدًا وَکَیْدُوْدَةً فھو کَائِدٌ وَکِیْدَ یُکَادُ کَوْدًا وَکَیْدُوْدَةً فذاك مَکُوْدٌ لَمْ یَکَدْ لَمْ یُکَدْ لَا یَکَادُ لَا یُکَادُ لَنْ یَکَادَ لَنْ یُکَادَ الامر منه کَدْ لِتُکَدْ لِیَکَدْ لِیُکَدْ والنھی عنه لَا تَکَدْ لَا تُکَدْ لَا یَکَدْ لَا یُکَدْ الظرف منه مَکَادٌ مَکَادَانِ مَکَاوِدُ مُکَیِّدٌ والآلة مِکْوَدٌ مِکْوَدَانِ مَکَاوِدُ مُکَیِّدٌ مِکْوَدَةٌ مِکْوَدَتَانِ مَکَاوِدُ مُکَیِّدَةٌ مِکْوَادٌ مِکْوَادَانِ مَکَاوِیْدُ مُکَیِّیْدٌ وَمُکَیِّیْدَةٌ افعل التفضیل المذکر منه اَکْوَدُ اَکْوَدَانِ اَکْوَدُوْنَ اَکَاوِدُ اُکَیِّدٌ والمؤنث منه کُوْدٰی کُوْدَیَانِ کُوْدَیَاتٌ کُوَدٌ کُوَیْدٰی وفعل التعجب منه مَا اَکْوَدَهٗ وَاَکْوِدْ بِهٖ وَکَوُدَ یَا کَوُدَتْ۔

تعلیلات: کَیْدُوْدَةٌ اصل میں کَیْوَدُوْدَةٌ تھا۔ واوؔ اور یاءؔ ایک کلمہ میں اکٹھے ہوئے ان میں سے پہلا ساکن ہے لہٰذا واؔو کو یاءؔ کر کے یاءؔ میں ادغام کیا تو کَیَّدُوْدَةٌ ہوا۔ پھر تخفیف کے لیے ایک یاءؔ کو حذف کیا تو کَیْدُوْدَةٌ

Marfat.com

ہوگیا۔ اور مُکَیِّدٌ وغیرہ (تصغیر) میں کَیَدْوَدَةٌ والی تعلیل ہوگی۔ مگر ان میں تخفیف کے لیے ایک یاء حذف نہیں کی جاتی۔

صرفِ کبیر بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

کَادَ۔ کَادَا۔ کَادُوْا۔ کَادَتْ۔ کَادَتَا۔ کُدْنَ۔ کُدْتَ۔ کُدْتُمَا۔ کُدْتُمْ۔ کُدْتِ۔ کُدْتُمَا۔ کُدْتُنَّ۔ کُدْتُ۔ کُدْنَا۔

تعلیلات: کَادَ اصل میں کَوُدَ تھا۔ واوٗ متحرک ماقبل مفتوح تھا واوٗ کو الف سے بدل دیا تو کَادَ ہوگیا۔ اس گردان کے تمام صیغوں میں یہی تعلیل ہوگی۔ پھر کُدْنَ سے آخر تک نو صیغوں میں الف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر گیا اور اجوف واوی ہونے کی وجہ سے ان تمام صیغوں میں فاء کلمہ کو ضمہ دیا۔ کُدْتَ سے کُدْتُّ تک سات صیغوں میں دال کو تاء کرکے تاء میں ادغام کر دیا۔

ماضی مطلق مثبت مجہول

کِیْدَ۔ کِیْدَا۔ کِیْدُوْا۔ کِیْدَتْ۔ کِیْدَتَا۔ کُدْنَ۔ کُدْتَ۔ کُدْتُمَا۔ کُدْتُمْ۔ کُدْتِ۔ کُدْتُمَا۔ کُدْتُنَّ۔ کُدْتُ۔ کُدْنَا۔

تعلیلات: کِیْدَ اصل میں کُوِدَ تھا۔ واوٗ پر کسرہ ثقیل تھا لہٰذا ماقبل کی حرکت گرانے کے بعد واوٗ کا کسرہ ماقبل کو دے دیا تو کِوْدَ ہوا۔ اب واوٗ ساکن منظر اور ماقبل اس کا مکسور ہے لہٰذا واوٗ کو یاء کیا تو کِیْدَ ہوگیا۔ اس گردان کے تمام صیغوں میں یہی تعلیل ہوگی۔ پھر کُدْنَ سے آخر تک نو صیغوں میں یاء بوجہ اجتماعِ ساکنین گر گئی تو فاء کلمہ کو ضمہ دیا کیونکہ یہ اجوف واوی ہے۔

Marfat.com

مضارع مثبت معلوم

يَكَادُ - يَكَادَانِ - يَكَادُوْنَ - تَكَادُ - تَكَادَانِ - يَكَدْنَ - تَكَادُ - تَكَادَانِ
تَكَادُوْنَ - تَكَادِيْنَ - تَكَادَانِ - تَكَدْنَ - اَكَادُ - نَكَادُ -

تعلیلات : يَكَادُ اصل میں يَكْوَدُ تھا - واوٗ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن تھا۔ واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اب واؤ کا ماقبل مفتوح ہوگیا لہذا واؤ کو الف سے بدلا تو يَكَادُ ہوگیا - اس گردان کے تمام صیغوں میں یہی تعلیل ہوگی مگر يَكَدْنَ اور تَكَدْنَ میں الف اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرگیا۔

نوٹ : مضارع مجہول، نفی جحد بلم، نفی تاکید بلن، مؤکد بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ، امر و نہی اور اسم ظرف کی گردانوں میں یہی تعلیل جاری ہوتی ہے - مگر اسم آلہ، اسم تفضیل اور فعل تعجب میں یہ تعلیل جاری نہ ہوگی بلکہ وہ اپنے اصل پر رہیں گے۔

مضارع مثبت مجہول

يُكَادُ - يُكَادَانِ - يُكَادُوْنَ - تُكَادُ - تُكَادَانِ - يُكَدْنَ - تُكَادُ - تُكَادَانِ -
تُكَادُوْنَ - تُكَادِيْنَ - تُكَادَانِ - تُكَدْنَ - اُكَادُ - نُكَادُ -

اسم فاعل

كَائِدٌ - كَائِدَانِ - كَائِدُوْنَ - كَادَةٌ - كُوَّادٌ - كُوَّدٌ - كُوْدٌ - كُوْدَاءُ -
كُوْدَانٌ - كِيَادٌ - كُوُوْدٌ - كُوَيْئِدٌ - كَائِدَةٌ - كَائِدَتَانِ - كَائِدَاتٌ -
كَوَائِدُ - كُوَّدٌ - كُوَيْئِدَةٌ -

تعلیلات : كَائِدٌ دراصل كَاوِدٌ تھا - واؤ الفِ فاعل کے بعد واقع

Marfat.com

ہُوئی۔ اور اس کے فعل میں بھی تعلیل ہو چکی ہے لہٰذا واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا تو کَائِدٌ ہو گیا کِیَادٌ دراصل کِوَادٌ تھا۔ واؤ واقع ہُوئی جمع کے عین کلمہ میں اور مفرد میں یہ سلامت نہیں بلکہ اس میں تعلیل ہو چکی ہے لہٰذا اس واؤ کو یاء سے بدل دیا تو کِیَادٌ ہو گیا۔ کُوَیْئِدٌ اور کُوَیْئِدَۃٌ دراصل کُوَیْوِدٌ اور کُوَیْوِدَۃٌ تھے۔ واؤ واقع ہوئی اسمِ فاعل میں یاءِ تصغیر کے بعد اس واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو کُوَیْئِدٌ اور کُوَیْئِدَۃٌ ہو گئے۔ کَوَائِدُ دراصل کَوَاوِدُ تھا۔ حرفِ علّت اصلی (واؤ) واقع ہُوا الفِ مفاعل کے بعد اور الف سے پہلے بھی حرفِ علّت موجود ہے لہٰذا الف کے بعد والے حرفِ علّت کو ہمزہ سے بدلا تو کَوَائِدُ ہو گیا۔

اسمِ مفعول

مَکُوْدٌ ۔ مَکُوْدَانِ ۔ مَکُوْدُوْنَ ۔ مَکُوْدَۃٌ ۔ مَکُوْدَتَانِ ۔ مَکُوْدَاتٌ ۔ مَکَاوِیْدُ ۔ مُکَیْیِدٌ ۔ مُکَیْیِدَۃٌ ۔

تعلیل : مَکُوْدٌ دراصل مَکْوُوْدٌ تھا۔ واؤ پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا۔ اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے ایک واؤ کو حذف کیا تو مَکُوْدٌ ہو گیا۔

نفی جحد بلم معروف

لَمْ یَکَدْ ۔ لَمْ یَکَادَا ۔ لَمْ یَکَادُوْا ۔ لَمْ تَکَدْ ۔ لَمْ تَکَادَا ۔ لَمْ یَکَدْنَ ۔ لَمْ تَکَدْ ۔ لَمْ تَکَادَا ۔ لَمْ تَکَادُوْا ۔ لَمْ تَکَادِیْ ۔ لَمْ تَکَادَا ۔ لَمْ تَکَدْنَ ۔ لَمْ اَکَدْ ۔ لَمْ نَکَدْ ۔

نفی جحد بلم مجہول

لَمْ یُکَدْ ۔ لَمْ یُکَادَا ۔ لَمْ یُکَادُوْا ۔ لَمْ تُکَدْ ۔ لَمْ تُکَادَا ۔ لَمْ یُکَدْنَ ۔

Marfat.com

لَمْ تُكَدْ - لَمْ تُكَادَا - لَمْ تُكَادُوْا - لَمْ تُكَادِیْ - لَمْ تُكَادَا -
لَمْ تُكَدْنَ - لَمْ أُكَدْ - لَمْ نُكَدْ -

نفی تاکید بلن ناصبہ معروف

لَنْ يَكَادَ - لَنْ يَكَادَا - لَنْ يَكَادُوْا - لَنْ تَكَادَ - لَنْ تَكَادَا - لَنْ يَكَدْنَ -
لَنْ تَكَادَ - لَنْ تَكَادَا - لَنْ تَكَادُوْا - لَنْ تَكَادِیْ - لَنْ تَكَادَا -
لَنْ تَكَدْنَ - لَنْ أَكَادَ - لَنْ نَكَادَ -

نفی تاکید بلن ناصبہ مجہول

لَنْ يُكَادَ - لَنْ يُكَادَا - لَنْ يُكَادُوْا - لَنْ تُكَادَ - لَنْ تُكَادَا - لَنْ يُكَدْنَ -
لَنْ تُكَادَ - لَنْ تُكَادَا - لَنْ تُكَادُوْا - لَنْ تُكَادِیْ - لَنْ تُكَادَا - لَنْ تُكَدْنَ -
لَنْ أُكَادَ - لَنْ نُكَادَ -

لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ معروف

لَيَكَادَنَّ - لَيَكَادَانِّ - لَيَكَادُنَّ - لَتَكَادَنَّ - لَتَكَادَانِّ - لَيَكَدْنَانِّ -
لَتَكَادَنَّ - لَتَكَادَانِّ - لَتَكَادُنَّ - لَتَكَادِنَّ - لَتَكَادَانِّ - لَتَكَدْنَانِّ -
لَأَكَادَنَّ - لَنَكَادَنَّ -

لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ مجہول

لَيُكَادَنَّ - لَيُكَادَانِّ - لَيُكَادُنَّ - لَتُكَادَنَّ - لَتُكَادَانِّ - لَيُكَدْنَانِّ -
لَتُكَادَنَّ - لَتُكَادَانِّ - لَتُكَادُنَّ - لَتُكَادِنَّ - لَتُكَادَانِّ - لَتُكَدْنَانِّ -

Marfat.com

لَاُكَادَنَّ ۔ لَنُكَادَنَّ ۔

لام تاکید با نون تاکید خفیفہ معروف

لَيَكَادَنْ ۔ لَيَكَادُنْ ۔ لَتَكَادَنْ ۔ لَتَكَادَنْ ۔ لَتَكَادُنْ ۔ لَتَكَادِنْ ۔
لَاَكَادَنْ ۔ لَنَكَادَنْ ۔

لام تاکید با نون تاکید خفیفہ مجہول

لَيُكَادَنْ ۔ لَيُكَادُنْ ۔ لَتُكَادَنْ ۔ لَتُكَادَنْ ۔ لَتُكَادُنْ ۔ لَتُكَادِنْ ۔
لَاُكَادَنْ ۔ لَنُكَادَنْ ۔

فعل امر حاضر معروف

كَدْ ۔ كَادَا ۔ كَادُوْا ۔ كَادِیْ ۔ كَادَا ۔ كَـدْنَ ۔

تعلیل : كَدْ دراصل اِكْوَدْ تھا ۔ يُكَادُ والی تعلیل کے مطابق واو کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے بدلا ۔ پھر الف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف ہو گیا تو اِكَدْ ہو گیا ۔ ہمزہ وصل کی ضرورت نہیں رہی اسے گرا دیا تو كَدْ ہو گیا ۔

فائدہ : ہمزۂ وصل جب درمیانِ کلام میں آئے یا اسکا مابعد متحرک ہو تو وہ گر جاتا ہے

امر حاضر مجہول

لِتُكَدْ ۔ لِتُكَادَا ۔ لِتُكَادُوْا ۔ لِتُكَادِیْ ۔ لِتُكَادَا ۔ لِتُكَدْنَ ۔

امر غائب معروف

لِيَكَدْ ۔ لِيَكَادَا ۔ لِيَكَادُوْا ۔ لِتَكَدْ ۔ لِتَكَادَا ۔ لِيَكَدْنَ ۔

Marfat.com

لِاُکَدْ - لِنُکَدْ -

امر غائب مجہول

لِیُکَدْ - لِیُکَادَا - لِیُکَادُوْا - لِتُکَدْ - لِتُکَادَا - لِیُکَدْنَ - لِاُکَدْ -
لِنُکَدْ -

امر حاضر معروف با نون تاکید ثقیلہ

کَادَنَّ - کَادَانِّ - کَادُنَّ - کَادِنَّ - کَادَانِّ - کَدْنَانِّ -

نوٹ : کَدْ میں جو الف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر گیا تھا وہ اب اجتماعِ ساکنین نہ رہنے کی وجہ سے واپس آ گیا۔

امر حاضر مجہول با نون تاکید ثقیلہ

لِتُکَادَنَّ - لِتُکَادَانِّ - لِتُکَادُنَّ - لِتُکَادِنَّ - لِتُکَادَانِّ - لِتُکَدْنَانِّ -

امر غائب معروف با نون تاکید ثقیلہ

لِیَکَادَنَّ - لِیَکَادَانِّ - لِیَکَادُنَّ - لِتَکَادَنَّ - لِتَکَادَانِّ - لِیَکَدْنَانِّ -
لِاَکَادَنَّ - لِنَکَادَنَّ -

امر غائب مجہول با نون تاکید ثقیلہ

لِیُکَادَنَّ - لِیُکَادَانِّ - لِیُکَادُنَّ - لِتُکَادَنَّ - لِتُکَادَانِّ - لِیُکَدْنَانِّ -
لِاُکَادَنَّ - لِنُکَادَنَّ -

Marfat.com

امر حاضر معروف با نون تاکید خفیفہ

کَادَنْ ۔ کَادُنْ ۔ کَادِنْ ۔

امر حاضر مجہول با نون تاکید خفیفہ

لِتُکَادَنْ ۔ لِتُکَادُنْ ۔ لِتُکَادِنْ ۔

امر غائب معروف با نون تاکید خفیفہ

لِيَكَادَنْ ۔ لِيَكَادُنْ ۔ لِتَكَادَنْ ۔ لِأَكَادَنْ ۔ لِنَكَادَنْ ۔

امر غائب مجہول با نون تاکید خفیفہ

لِيُكَادَنْ ۔ لِيُكَادُنْ ۔ لِتُكَادَنْ ۔ لِأُكَادَنْ ۔ لِنُكَادَنْ ۔

فعل نہی حاضر معروف

لَا تَكَدْ ۔ لَا تَكَادَا ۔ لَا تَكَادُوْا ۔ لَا تَكَادِيْ ۔ لَا تَكَادَا ۔ لَا تَكَدْنَ ۔

نہی حاضر مجہول

لَا تُكَدْ ۔ لَا تُكَادَا ۔ لَا تُكَادُوْا ۔ لَا تُكَادِيْ ۔ لَا تُكَادَا ۔ لَا تُكَدْنَ ۔

نہی غائب معروف

لَا يَكَدْ ۔ لَا يَكَادَا ۔ لَا يَكَادُوْا ۔ لَا تَكَدْ ۔ لَا تَكَادَا ۔ لَا يَكَدْنَ ۔

Marfat.com

لَا أَكَدْ ۔ لَا نَكَدْ ۔

نہی غائب مجہول

لَا يُكَدْ ۔ لَا يُكَادَا ۔ لَا يُكَادُوْا ۔ لَا تُكَدْ ۔ لَا تُكَادَا ۔ لَا يُكَدْنَ ۔ لَا أُكَدْ ۔ لَا نُكَدْ ۔

نہی حاضر معروف بانون تاکید ثقیلہ

لَا تَكَادَنَّ ۔ لَا تَكَادَانِّ ۔ لَا تَكَادُنَّ ۔ لَا تَكَادِنَّ ۔ لَا تَكَادَانِّ ۔ لَا تَكَدْنَانِّ ۔

نہی حاضر مجہول بانون تاکید ثقیلہ

لَا تُكَادَنَّ ۔ لَا تُكَادَانِّ ۔ لَا تُكَادُنَّ ۔ لَا تُكَادِنَّ ۔ لَا تُكَادَانِّ ۔ لَا تُكَدْنَانِّ ۔

نہی غائب معروف بانون تاکید ثقیلہ

لَا يَكَادَنَّ ۔ لَا يَكَادَانِّ ۔ لَا يَكَادُنَّ ۔ لَا تَكَادَنَّ ۔ لَا تَكَادَانِّ ۔ لَا يَكَدْنَانِّ ۔ لَا أَكَادَنَّ ۔ لَا نَكَادَنَّ ۔

نہی غائب مجہول بانون تاکید ثقیلہ

لَا يُكَادَنَّ ۔ لَا يُكَادَانِّ ۔ لَا يُكَادُنَّ ۔ لَا تُكَادَنَّ ۔ لَا تُكَادَانِّ ۔ لَا يُكَدْنَانِّ ۔ لَا أُكَادَنَّ ۔ لَا نُكَادَنَّ ۔

Marfat.com

نہی حاضر معروف با نون تاکید خفیفہ

لَا تَکَادَنْ ۔ لَا تَکَادُنْ ۔ لَا تَکَادِنْ ۔

نہی حاضر مجہول با نون تاکید خفیفہ

لَا تُکَادَنْ ۔ لَا تُکَادُنْ ۔ لَا تُکَادِنْ ۔

نہی غائب معروف با نون تاکید خفیفہ

لَا یَکَادَنْ ۔ لَا یَکَادُنْ ۔ لَا تَکَادَنْ ۔ لَا اَکَادَنْ ۔ لَا نَکَادَنْ ۔

نہی غائب مجہول با نون تاکید خفیفہ

لَا یُکَادَنْ ۔ لَا یُکَادُنْ ۔ لَا تُکَادَنْ ۔ لَا اُکَادَنْ ۔ لَا نُکَادَنْ ۔

صرف صغیر ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد صحیح

از باب فَعْلَاةٌ جیسے قَلْسَاةٌ

قَلْسٰی یُقَلْسِیْ قَلْسَاةً فَهُوَ مُقَلْسٍ وَ قُلْسِیَ یُقَلْسٰی قَلْسَاةً فَذَاكَ مُقَلْسًی لَمْ یُقَلْسِ لَمْ یُقَلْسَ لَا یُقَلْسِیْ لَا یُقَلْسٰی لَنْ یُقَلْسِیَ لَنْ یُقَلْسٰی الامر منه قَلْسِ لِتُقَلْسَ لِیُقَلْسِ لِیُقَلْسَ والنهی عنه لَا تُقَلْسِ لَا تُقَلْسَ لَا یُقَلْسِ لَا یُقَلْسَ الظرف منه مُقَلْسًی مُقَلْسَیَانِ مُقَلْسَیَاتٌ ۔

تعلیل: قَلْسَاةٌ مصدر اصل میں قَلْسَیَةً تھا ۔ یا متحرک ماقبل مفتوح ۔

Marfat.com

یاء کو الف سے بدلا تو قَلْسَاۃٌ ہو گیا۔

صرفِ کبیر فعل ماضی مطلق مثبت معروف

قَلْسٰی۔ قَلْسَیَا۔ قَلْسَوْا۔ قَلْسَتْ۔ قَلْسَتَا۔ قَلْسَیْنَ۔ قَلْسَیْتَ۔ قَلْسَیْتُمَا۔ قَلْسَیْتُمْ۔ قَلْسَیْتِ۔ قَلْسَیْتُمَا۔ قَلْسَیْتُنَّ۔ قَلْسَیْتُ۔ قَلْسَیْنَا۔

تعلیلات: قَلْسٰی دراصل قَلْسَیَ تھا۔ یا متحرک ماقبل مفتوح۔ یاء کو الف سے بدلا تو قَلْسٰی ہو گیا۔ قَلْسَوْا، قَلْسَتْ اور قَلْسَتَا میں بھی یہی تعلیل ہوتی مگر ان میں الف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر گیا باقی تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ماضی مطلق مثبت مجہول

قُلْسِیَ۔ قُلْسِیَا۔ قُلْسُوْا۔ قُلْسِیَتْ۔ قُلْسِیَتَا۔ قُلْسِیْنَ۔ قُلْسِیْتَ۔ قُلْسِیْتُمَا۔ قُلْسِیْتُمْ۔ قُلْسِیْتِ۔ قُلْسِیْتُمَا۔ قُلْسِیْتُنَّ۔ قُلْسِیْتُ۔ قُلْسِیْنَا۔

تعلیل: قُلْسُوْا دراصل قُلْسِیُوْا تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا لہٰذا ماقبل کی حرکت گرانے کے بعد ضمہ ماقبل کو دیا پھر یاء اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر گئی تو قُلْسُوْا ہو گیا باقی تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مضارع مثبت معلوم

یُقَلْسِیْ۔ یُقَلْسِیَانِ۔ یُقَلْسُوْنَ۔ تُقَلْسِیْ۔ تُقَلْسِیَانِ۔ یُقَلْسِیْنَ۔

Marfat.com

ِی۔ تُقْلِیَانِ ۔ تُقَلْسُوْنَ ۔ تُقَلْسِیْنَ ۔ تُقَلْسِیَانِ ۔ تُقَلْسِیْنَ ۔

ِی ۔ نُقَلْسِیْ ۔

یلات : یُقَلْسِیْ دراصل یُقَلْسِیُ تھا ۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اُسے گرا دیا تو لْسِیْ ہوگیا ۔ تُقَلْسِیْ ، اُقَلْسِیْ اور نُقَلْسِیْ میں بھی یہی تعلیل ہوئی ۔ یُقَلْسُوْنَ تُقَلْسُوْنَ میں قَلْسُوْا والی تعلیل ہوئی ۔ تُقَلْسِیْنَ (واحد مؤنث حاضر) اصل تُقَلْسِیِیْنَ تھا ۔ یاء پر کسرہ ثقیل تھا اُسے گرا دیا اور یاء اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر گئی تو تُقَلْسِیْنَ ہوگیا ۔

مضارع مثبت مجہول

قَلْسٰی ۔ یُقَلْسَیَانِ ۔ یُقَلْسَوْنَ ۔ تُقَلْسٰی ۔ تُقَلْسَیَانِ ۔ یُقَلْسَیْنَ ۔
قَلْسٰی ۔ تُقَلْسَیَانِ ۔ تُقَلْسَوْنَ ۔ تُقَلْسَیْنَ ۔ تُقَلْسَیَانِ ۔ تُقَلْسَیْنَ ۔
قَلْسٰی ۔ نُقَلْسٰی ۔

تعلیلات : اس گردان میں قَلْسٰی والی تعلیل کے مطابق یاء الف ہوئی ۔ اور یُقَلْسَوْنَ ، تُقَلْسَوْنَ اور تُقَلْسَیْنَ (واحد مؤنث حاضر) میں الف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر گیا ۔

نوٹ : اس کے مابعد معروف کی تمام گردانوں میں مضارع معروف جیسی اور مجہول کی تمام گردانوں میں مضارع مجہول جیسی تعلیلات ہوں گی ۔ تاہم اگر کسی صیغہ میں کوئی مختلف تعلیل ہوئی تو بیان کر دی جائے گی ۔

اسمِ فاعل

مُقَلْسٍ ۔ مُقَلْسِیَانِ ۔ مُقَلْسُوْنَ ۔ مُقَلْسِیَۃٌ ۔ مُقَلْسِیَتَانِ ۔

Marfat.com

مُقَلْسِيَاتٌ۔

تعلیلات: مُقَلْسٍ دراصل مُقَلْسِيٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اُسے گ[ر]ا دیا۔ اور نون تنوین کے درمیان اجتماعِ ساکنین لازم آیا لہذا یاء کو گرا دیا مُقَلْسٍ ہوگیا۔ مُقَلْسُوْنَ میں تُقُلْسُوْا والی تعلیل ہوئی۔

اسمِ مفعول

مُقَلْسًى۔ مُقَلْسَيَانِ۔ مُقَلْسَوْنَ۔ مُقَلْسَاةٌ۔ مُقَلْسَاتَانِ۔ مُقَلْسَيَاتٌ۔

تعلیلات: مُقَلْسًى، مُقَلْسَوْنَ، مُقَلْسَاةٌ اور مُقَلْسَاتَانِ میں قَلْسَ[ی] والی تعلیل کے مطابق یاء کو الف سے بدلا۔ پھر پہلے دونوں میں الف کو اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گرا دیا۔

نفی جحد بلم معروف

لَمْ يُقَلْسِ۔ لَمْ يُقَلْسِيَا۔ لَمْ يُقَلْسُوْا۔ لَمْ تُقَلْسِ۔ لَمْ تُقَلْسِيَا۔ لَمْ يُقَلْسِيْنَ۔ لَمْ تُقَلْسِ۔ لَمْ تُقَلْسِيَا۔ لَمْ تُقَلْسُوْا۔ لَمْ تُقَلْسِيْ۔ لَمْ تُقَلْسِيَا۔ لَمْ تُقَلْسِيْنَ۔ لَمْ اُقَلْسِ۔ لَمْ نُقَلْسِ۔

نفی جحد بلم مجہول

لَمْ يُقَلْسَ۔ لَمْ يُقَلْسَيَا۔ لَمْ يُقَلْسَوْا۔ لَمْ تُقَلْسَ۔ لَمْ تُقَلْسَيَا۔ لَمْ يُقَلْسَيْنَ۔ لَمْ تُقَلْسَ۔ لَمْ تُقَلْسَيَا۔ لَمْ تُقَلْسَوْا۔ لَمْ تُقَلْسَيْ۔ لَمْ تُقَلْسَيَا۔ لَمْ تُقَلْسَيْنَ۔ لَمْ اُقَلْسَ۔ لَمْ نُقَلْسَ۔

Marfat.com

نفی تاکید بلن ناصبہ معروف

لَنْ یُّقَلِّسِیَ - لَنْ یُّقَلِّسِیَا - لَنْ یُّقَلِّسُوْا - لَنْ تُّقَلِّسِیَ - لَنْ تُقَلِّسِیَا -
لَنْ یُّقَلِّسِیْنَ - لَنْ تُقَلِّسِیَ - لَنْ تُقَلِّسِیَا - لَنْ تُقَلِّسُوْا - لَنْ تُقَلِّسِیْ -
لَنْ تُقَلِّسِیَا - لَنْ تُقَلِّسِیْنَ - لَنْ اُقَلِّسِیَ - لَنْ نُّقَلِّسِیَ -

نفی تاکید بلن ناصبہ مجہول

لَنْ یُقَلْسٰی - لَنْ یُّقَلْسَیَا - لَنْ یُّقَلْسَوْا - لَنْ تُقَلْسٰی - لَنْ تُقَلْسَیَا -
لَنْ یُقَلْسَیْنَ - لَنْ تُقَلْسٰی - لَنْ تُقَلْسَیَا - لَنْ تُقَلْسَوْا - لَنْ تُقَلْسَیْ -
لَنْ تُقَلْسَیَا - لَنْ تُقَلْسَیْنَ - لَنْ اُقَلْسٰی - لَنْ نُقَلْسٰی -

لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ معروف

لَیُقَلْسِیَنَّ - لَیُقَلْسِیَانِّ - لَیُقَلْسُنَّ - لَتُقَلْسِیَنَّ - لَتُقَلْسِیَانِّ - لَیُقَلْسِیْنَانِّ -
لَتُقَلْسِیَنَّ - لَتُقَلْسِیَانِّ - لَتُقَلْسُنَّ - لَتُقَلْسِنَّ - لَتُقَلْسِیَانِّ -
لَتُقَلْسِیْنَانِّ - لَاُقَلْسِیَنَّ - لَنُقَلْسِیَنَّ -

تعلیلات: لَیُقَلْسُنَّ دراصل یُقَلْسُوْنَ تھا۔ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ لائے۔ نون اعرابی گر گیا۔ واؤ اور نون مدغم میں اجتماعِ ساکنین لازم آیا۔ پہلا ساکن چونکہ مدہ ہے لہٰذا اسے حذف کر دیا تو لَیُقَلْسُنَّ ہو گیا۔ یہی تعلیل لَتُقَلْسُنَّ اور لَتُقَلْسِنَّ میں بھی ہو گی۔

لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ مجہول

لَیُقَلْسَیَنَّ - لَیُقَلْسَیَانِّ - لَیُقَلْسَوُنَّ - لَتُقَلْسَیَنَّ - لَتُقَلْسَیَانِّ -

Marfat.com

لَیُقَلْسِیْنَانِّ ۔ لَتُقَلْسِیَنَّ ۔ لَتُقَلْسِیَانِّ ۔ لَتُقَلْسُوْنَّ ۔ لَتُقَلْسِیِنَّ ۔ لَتُقَلْسِیَانِّ ۔ لَتُقَلْسِیْنَانِّ ۔ لَاُقَلْسِیَنَّ ۔ لَنُقَلْسِیَنَّ ۔

تعلیلات : لَیُقَلْسِیَنَّ دراصل یُقَلْسٰی تھا۔ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ لایا گیا تو نون نے اپنے ماقبل فتحہ کا تقاضا کیا اور چونکہ الف حرکت کو قبول نہیں کرتا لہٰذا یاء کو جو الف بن گئی تھی واپس لاکر فتحہ دے دیا تو لَیُقَلْسِیَنَّ ہوگیا۔

لَیُقَلْسُوْنَّ دراصل یُقَلْسَوْنَ تھا۔ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ لائے تو نونِ اعرابی گر گیا۔ واؤ اور نون مدغم کے درمیان اجتماعِ ساکنین لازم آیا۔ پہلا ساکن چونکہ واؤ غیر مدّہ ہے لہٰذا اس کو ضمہ دے دیا تو لَیُقَلْسَوُنَّ ہوگیا۔ لَتُقَلْسُوْنَّ میں بھی یہی تعلیل ہوئی۔ اور لَتُقَلْسِیِنَّ میں بھی یہی تعلیل ہوئی مگر اس میں چونکہ ساکنِ اول یاءِ غیر مدّہ ہے لہٰذا اس کو کسرہ دیا۔

فائدہ : اجتماعِ ساکنین میں اگر ساکنِ اوّل مدّہ ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے اور اگر غیرِ مدّہ ہو تو واؤ کی صورت میں اُس کو ضمہ اور یاء کی صورت میں اُسے کسرہ دیا جاتا ہے۔

لام تاکید با نون تاکید خفیفہ معروف

لَیُقَلْسِیَنْ ۔ لَیُقَلْسُنْ ۔ لَتُقَلْسِیَنْ ۔ لَتُقَلْسِیَنْ ۔ لَتُقَلْسُنْ ۔ لَتُقَلْسِنْ ۔ لَاُقَلْسِیَنْ ۔ لَنُقَلْسِیَنْ ۔

لام تاکید با نون تاکید خفیفہ مجہول

